| (c) vexatiously and unnecessarily detains or arrests or searches any person; | (ج) کسی شخص کو ایذا رسانی کی غرض سے بلا ضرورت روک رکھے یا گرفتار کرے یا اس کی تلاشی لے۔ |
| (d) vexatiously and unnecessarily delays in producing before a Magistrate or any other officer before whom he is bound to produce him, any person who has been arrested ; | (د) ۔ ایذا رسانی کی غرض سے اور بلا ضرورت کسی شخص گرفتار شدہ کو مجسٹریٹ یا کسی اور عہدہ دار کے روبرو جسکے پاس اس کو پیش کرنا لازمی ہے پیش کرنے میں تاخیر کرے۔ |
| (e) inflicts unnecessary physical pain upon any person in his custody ; | (ھ) کسی ایسے شخص پر جو اسکی حراست میں ہو غیر ضروری جسمانی سختی کرے۔ |
| (f) unlawfully induces or threatens any accused ; | (و) کسی ملزم کو خلاف قانون کوئی ترغیب یا دھمکی دے |
| he shall for every such offence be punished with imprisonment for a term which may extend to six months or with fine which may extend to 500 rupees or with both. | تو اس کو ہر ایسے جرم کی پاداش میں قید کی سزا دیجائیگی جس کی میعاد چھ ماہ تک ہوسکیگی یا جرمانہ کی جسکی مقدار ۵۰۰ روپیہ تک یا دونوں سزائیں دی جاسکیں گی۔ |
| 20. Any person who wilfully | حصول ملازمت کیلئے جھوٹ بیان کرنا۔ دفعہ ۲۰۔ کوئی شخص جو اس غرض سے عمداً جھوٹ بیان کرے یا کوئی جھوٹی دستاویز پیش |

*Making false statement to obtain employment.*

makes a false statement or produce a false document for the purpose of obtaining for himself or for any other person employment in Police or release from such employment, he shall be punished with imprisonment for a term which may extend to three months or with fine which may extend to one hundred rupees or with both.

کرے کہ خود کو یا کسی اور کو اس ذریعہ سے کوتوالی کی ملازمت ملے یا اس سے سبکدوشی حاصل ہو اس کو قید کی سزا دی جائیگی جس کی میعاد تین ماہ تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی جس کی مقدار ایک سو روپیہ تک ہو سکے گی یا دونوں سزائیں دیجا سکیں گی ۔

## CHAPTER III.

### *Police Regulations. Rules for preservation of order.*

## باب سوم

### ضوابط کوتوالی ۔ قواعد متعلقہ قیام امن

*Power to make rules for regulation of traffic and for preservation of order.*

21. (1) The Commissioner of Police may, from time to time, make rules not inconsistent with this Act in respect of the following. Such rules shall, in case of clauses (b) and (c), be subject to the control of the Goverment and with regard to the remaining clauses, sanction of the Government shall be obtained prior to the enforcement of rules.

*اختیارات ترتیب قواعد نسبت انتظام راستہ و قیام امن ۔*

دفعہ ۲۱ ۔ (۱) کوتوال بلدہ کو اختیار رہوگا کہ وقتاً فوقتاً امور مندرجہ ذیل کی بابت کوئی قواعد مرتب کرے جو قانون ہذا کے نقیض نہ ہوں ۔ ایسے قواعد ضمن (ب) و (ج) کی حد تک تابع اختیار نگرانی سرکار عالی ہوں گے اور بقیہ ضمنوں کے متعلق قبل نفاذ قواعد سرکار عالی کی منظوری لازمی ہوگی ۔

(a) granting licences to persons willing to accept employment at places

(الف) ۔ ایسے اشخاص کو اجازت نامہ

where goods is unloaded, and for the carriage of passengers' baggage outside the limits of Railway stations and fixing a scale of charges and remuneration for labour of persons so employed;

عطا کرنا جو کسی ایسے مقامات پر جہاں مال آتارا جاتا ہو اور حدود ریلوے اسٹیشن کے باہر مسافرین کی بار برداری کی خدمت قبول کرنے پر آمادہ ہوں اور اس طرح مامور شدہ اشخاص کی اُجرت و معاوضہ محنت کی شرح مقرر کرنا ۔

(b) regulating traffic of all kinds in public streets or public places, and regulating the use of streets and public places by persons walking, driving, cycling or accompanying or leading cattle, with a view to prevent danger inconvenience or obstruction to the public;

(ب) ۔ شارع عام اور مقامات عام پر ہمہ اقسام کی آمد و رفت کے متعلق اور ایسے اشخاص کے شارع عام اور مقامات عام کے طریقہ استعمال کے متعلق جو پیدل چلتے ۔ گاڑی ہانکتے ۔ یا سیکل چلاتے ہوں یا کسی مویشی کے ساتھ یا اُس کو ہانکتے ہوئے جاتے ہوں بہ نظر انسداد خطرہ یا تکلیف یا مزاحمت عوام انتظام کرنا ۔

(c) regulating the conditions under which vehicles may be parked in public streets and public places, and the use of public streets as temporary halting places for cattle and vehicles;

(ج) ۔ ایسے شرائط کے متعلق جن کے بموجب گاڑیاں شارع عام یا مقام عام پر کھڑی رہ سکیں اور استعمال شارع عام بطور عارضی قیام گاہ مویشی و گاڑیاں ۔

(d) prescribing the number and position of lights to be used on vehicles passing through public streets or

(د) ۔ تعداد و مقامات تنصیب قنادیل جو شارع عام یا مقام عام پر سے گذرنے والی گاڑیوں کے

public places, and regulating the manner of conveying timber, poles, bamboo, ladders bars, iron beams, boilers and other unvieldy articles and the route and hours for conveying such articles;

(e) prescribing, subject to any notice issued by the Municipal Commissioner in this behalf the roads along which and the hours during which corpses may or may not be carried;

(f) licensing for or regulating the following matters and where it is likely to cause inconvenience, delay, danger or damage to the residents or the persons passing in the vicinity, prohibiting—

(i) the keeping of a place of public amusement or place of public entertainment,

(ii) the playing of music in public streets or public places.



استعمال کی جائیں معین کرنا ۔ اور چوبینہ ۔ بمبو ۔ بانس سیڑھیاں سیخنیں ۔ آہنی ناٹیں ۔ بائلرس اور دوسری ایسی اشیاء کی جن کی بآسانی نقل و حرکت نہ ہوسکتی ہو نقل و حرکت کے طریقہ اور ایسی اشیاء کی نقل و حرکت کیلئے راستوں اور اوقات کا تعین کرنا ۔

(ھ) ۔ بمتابعت ایسی نوٹس کے جو اس بارہ میں ناظم بلدیہ نے جاری کی ہو لاشوں کے لے جانے یا نہ لے جانے کی نسبت راستے اور اوقات مقرر کرنا ۔

(و) ۔ امور ذیل کی بابت اجازت دینا ۔ انتظام کرنا یا جہاں قرب وجوار میں رہنے یا چلنے والوں کو تکلیف ۔ ہرج ۔ وقت ۔ خطرہ یا نقصان کا اندیشہ ہو ممانعت کرنا ۔

(۱) ۔ کوئی تفریح گاہ عام یا فرودگاہ عام رکھنا ۔

(۲) ۔ شارع عام یا مقام عام پر باجا بجانا ۔

†[(iia) the using of a loud-speeker in any public place or places of public entertainment.]

(iii) the illumination in public street, or public place, or on any building adjacent to the public street, by persons other than Government or Municipal officers authorised in this behalf,

(۳) ۔ بجز عہدہ داران سرکار عالی یا بلدیہ کے جو اس بارہ میں مجاز کئے گئے ہوں غیر اشخاص کا شارع عام یا مقام عام میں یا ایسی عمارت پر جو شارع عام سے ملحق ہو چراغاں کرنا ۔

(iv) the carrying through public streets or places of gunpowder or other explosive substances,

(۴) ۔ شارع عام یا مقامات عام پر سے بارود یا اور دوسرے بھک سے اڑجانیوالے مادوں کو لے جانا ۔

(v) blasting ;

(۵) ۔ برما لگانا ۔

(g) regulating the entrance or exit at any place of public amusement or place of public entertainment or at any meeting or public assembly and providing for the maintenance of public peace and the prevention of disturbance at such places;

(ز) ۔ تفریح گاہ عام یا فرودگاہ عام یا کسی مجلس یا مجمع عام میں عوام کے داخل ہونے یا وہاں سے نکلنے کی نسبت انتظام کرنا اور ان مقامات پر قیام امن عام اور انسداد فساد کا انتظام کرنا ۔

†As amended by Act No. XXIV of 1952 published in Gazette extraordinary No. 126 dated 25th July, 1952.

(h) Where licence or certificate is required to be obtained under this Act, prescribing the procedure for obtaining it and fixing the fees for any such licence and certificate.

Provided, firstly, that no person by virtue of anything contained in this section and any licence granted under any rule issued under this section, shall be authorised to import, export, transport, manufacture, sell or possess any liquor or intoxicating drug, in respect of which a licence or permit is required under the Hyderabad Abkari Act No. I of 1316 Fasli,

*[(gg) regulating or prohibiting the sale of any ticket or pass for admission, by whatever name called, to a place of public amusement; ]

(ح) - حسب قانون ہذا کوئی اجازت نامہ یا صداقت نامہ لینے کی ضرورت ہو تو اس کے حصول کی نسبت طریقہ کارروائی معین کرنا اور ایسے اجازت نامہ و صداقت نامہ کی فیس کا تعین کرنا -

لیکن شرط یہ ہے کہ

اوّل - دفعۂ ہذا کی کسی عبارت اور کسی اجازت نامہ معطیہ بموجب قواعد مجریہ تحت دفعہ ہذا کی رو سے کوئی شخص مجاز نہ ہوگا کہ شراب یا اشیائے منشی کو درآمد - برآمد یا نقل مقام کرے یا ان کو تیار یا فروخت کرے یا اپنے قبضہ میں رکھے

*As amended by Act No. IX of 1951.

or under any other law for the time being in force relating to Abkari duty or shall affect the liability incurred by any person under such law, or shall in any way affect the provisions contained in the fireworks Act and the Arms Rules, or in any rules made under the said Act or Rules.

Provided, secondly, that a rule made under clause (g) shall not contain any condition requiring a licence for a place of public amusement unless liquor, sendhi or any intoxicating drug, as defined in the Hyderabad Abkari Act, or opium, as defined in the Hyderabad Opium and Intoxicating Drugs Act, is sold in such place or unless such place is kept open for customers between 9 p.m. and 5 a.m.



جس کی نسبت حسب قانون آبکاری ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۱) ۱۳۱۶ف یا کوئی اور قانون نافذ الوقت جو محصول آبکاری سے متعلق ہو لائسنس یا اجازت حاصل کرنے کی ضرورت ہے یا ایسے قانون کی رو سے جو ذمہ داری کسی شخص پر عائد ہوسکتی ہو متاثر نہ ہوگی اور نہ کسی طرح احکام مندرجہ قانون آتشبازی و قواعد اسلحہ یا قواعد مرتبہ تحت قانون یا قواعد مذکور متاثر ہوں گے۔

دوم - بموجب ضمن (ز) جو قاعدہ مرتب کیا جائے اس میں کوئی ایسی شرط نہ ہوگی کہ فرودگاہ عام کے لئے اجازت نامہ کا حاصل کرنا لازمی ہو - بجز اس کے کہ ایسے مقامات پر شراب - سیندھی یا کوئی شئے منشی جس کی تعریف قانون آبکاری ممالک محروسہ سرکار عالی یا افیون جس کی تعریف قانون افیون و اشیائے منشی سرکار عالی میں کی گئی ہے فروخت ہوتی ہو یا بجز اس کے کہ ایسا مقام رات کے (۹) اور صبح کے (۵) بجے کے درمیان گاہکوں کے لئے کھلا رکھا جاتا ہو۔

*(Translation)*

(2) The power to make rules under sub-section (1) shall be subject to the condition of the rules being enforced after publication and they shall be published in the Jarida in the manner specified in section 84.

(3) Notwithstanding the provisions contained in this section or in any rules made thereunder, it shall always be lawful for the Commissioner of Police to refuse a licence for or to prohibit the establishment of a place of public amusement or a place of public entertainment by a notorious scoundral or a bad character.

## SPECIAL ORDERS.

Powers of Police Commissioner and other Police officers to give directions to the public.

22. (1) The Comissioner of Police and subject to the orders of the Commissioner of Police, every Police officer not below the rank of an Inspector may, from time to time, as occasion may require, give such orders for the following matters either orally or in writing as may be necessary; but such orders shall not be inconsistant with any rule made under section 21.



(۲) ۔ اختیار ترتیب قواعد ضمن (۱) اس شرط کے تابع ہوگا کہ قواعد بعد اشاعت نافذ ہوں گے اور وہ جریدہ اعلامیہ میں ان طریقوں سے جن کی صراحت دفعہ ۸۴ میں کی گئی ہے شائع کئے جائیں گے ۔

(۳) ۔ باوجود احکام مندرجہ دفعہ ہذا یا قواعد مرتبہ تحت دفعہ ہذا کوتوال بلدہ ہر وقت مجاز ہوگا کہ کسی مشہور بدمعاش یا بدرویہ کو تفریح گاہ عام یا فرودگاہ عام قائم کرنے سے انکار کرے یا اس کو ایسی تفریح گاہ یا فرودگاہ قائم کرنے کی ممانعت کرے ۔

## احکام خاص

اختیارات کوتوال بلدہ و دیگر عہدہ داران کوتوالی نسبت اجرائی ہدایات بہ عوام ۔

دفعہ ۲۲ ۔ (۱) ۔ کوتوال بلدہ اور بہ تابعیت احکام کوتوال بلدہ ہر عہدہ دار کوتوالی جس کا درجہ صدر امین سے کم نہ ہو وقتاً فوقتاً بہ لحاظ محل و موقع ایسے احکام جو ضروری ہوں امور ذیل کی بابت زبانی یا تحریری دے سکیں گے لیکن ایسے احکام دفعہ ۲۱ کے کسی قاعدہ

*(Translation)*

(a) the mode of passing, conduct and behaviour or acts of the processions, or assemblies passing in the streets ;

(b) prescribe the routes by which and the time at which such processions may or may not pass ;

(c) prevent obstruction on the occasions of processions and assemblies and in the neighbourhood of any place of worship during the time of public worship and in every case when any street or public place or any place of public resort may be thronged or is likely to be obstructed ;

(d) maintain order in streets, public places and all other places where public throng ;

(e) regulate the music or singing in any street or public place and the beating of kettle-drum, tom-toms, band, drum and the blowing of horns

نقیض نہ ہوں :۔

(الف)۔ شارع عام سے گزرنے والے جلوس یا مجمع کے طریقۂ گذر۔ طرز عمل اور روش یا اون کے افعال۔

(ب)۔ راستوں اور اوقات کا تعین کرنا جن پر سے اور جب ایسے جلوس گذر سکتے یا نہ گذر سکتے ہوں۔

(ج) جلوسوں اور مجامع کے موقعوں پر اور عبادت گاہ کے قرب و جوار میں بوقت عبادت عام اور ہر صورت میں جب کہ شارع عام یا مقام عام پر یا ایسے مقام پر جہاں عوام بکثرت آتے ہوں کوئی ہجوم ہو جائے یا مزاحمت ہونے کا قوی احتمال ہو تو مزاحمت کا انسداد کرنا۔

(د)۔ شارع عام۔ مقام عام اور دیگر جملہ ایسے مقامات میں جہاں عوام بکثرت جمع ہوتے ہوں امن قائم رکھنا۔

(ہ) کسی شارع عام یا مقام عام میں گانے بجانے اور کسی شارع عام یا مقام عام یا اس کے قرب و جوار میں تاشہ۔ مرفہ۔ نوبت۔ نقارہ۔

or other like instruments in or near any street or public place ;

(f) on the written application of any person to the Commissioner of Police if the Commissioner of Police is satisfied that music, singing or the noise of the aforesaid instruments is causing inconvenience to any person residing in the neighbourhood on account of his serious illness or to the lawful profession by persons residing in the neighbourhood, the prohibition of its continuance ;

Provided that when any music or singing is so stopped, the person aggrieved by the prohibitory order may file an application against such order to the Chief City Magistrate and if the said Magistrate is satisfied that in view of the conditions the said order is not based on reasonable grounds, he may alter or cancel such order and the Commissioner of Police shall carry out the order made by the City Criminal Court.

بیانڈ۔ ڈھپڑا۔ سینگ یا اسی قسم کے اور باجوں کے بجانے کے متعلق انتظام کرنا۔

(و) کسی شخص کی تحریری درخواست پر جو کوتوال بلدہ کے پاس پیش ہو اگر کوتوال بلدہ کو اطمینان ہو جائے کہ کسی مقام پر گانا بجانا یا متذکرہ صدر باجوں کا شور کسی ایسے شخص کو جو اس قرب و جوار میں رہتا ہے اس کی سخت علالت کی وجہ سے یا اس کے قرب و جوار کے رہنے والوں کے جائز پیشے کی انجام دہی میں باعث تکلیف ہے تو اس کے جاری رکھنے کا امتناع۔

لیکن شرط یہ ہے کہ جب کوئی گانا بجانا اس طرح موقوف کرا دیا جائے تو وہ شخص جو حکم امتناعی سے ناراض ہو ایسے حکم کے خلاف ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ کے پاس درخواست پیش کر سکے گا۔ اور جب ناظم مذکور کو یہ اطمینان ہو جائے کہ حکم مذکور بہ نظر حالات مبنی بر وجوہ معقول نہیں ہے تو ایسے حکم کو حسب مناسب تبدیل یا منسوخ کر سکیگا اور کوتوال بلدہ کو لازم ہوگا کہ حکم مجریہ عدالت فوجداری بلدہ کی تعمیل کرے۔

(*Translation*)

Powers to issue orders for prevention of disorder.

(2) The Commissioner of Police, may, whenever and for such time, as he considers necessary for the preservation of the public peace and public safety, by notification, issue an order to the public or to particular individuals prohibiting the following matters –

(a) the carrying in any public place of swords, spears, bludgeons, guns, *[knives] and other offencive weapons;

(b) the collection, carrying or preparation of stones or other means of casting missiles ;

(c) the keeping or offering for exhibition of persons or of corpses or affigies or other figures in any public place ;

(d) utterance of cries or singing in public ;

(e) making a speech, gesture or mimetic representation, or the preparation, exhibition or dissemination of pictures, symbols, placards, or any other thing which is against morality and decency or which, in the opinion

*As amended by Section 2 of Act No. XXVII of 1356 Fasli.

بدانتظامی کے پیدا ہونے کو روکنے کیلئے احکام اجرا کرنیکے اختیارات۔

(۲) کوتوال بلدہ کو اختیار رہوگا کہ جب کبھی اور جس قدر مدت کے لئے جو قیام امن و عافیت عامہ کے مدنظر وہ ضروری سمجھے ذریعہ اعلان عوام کو یا خاص افراد کو امور ذیل کے امتناع کی نسبت حکم دے:۔

(الف) ۔تلوار۔ برچھی۔ لٹھ۔ بندوق۔ [چاقو][1] و دیگر اسلحہ مہلک کو کسی مقام عام میں لے جانا۔

(ب) ۔پتھر یا دیگر آلات کو جو پھینک مارنے کیلئے مستعمل ہو سکتے ہوں جمع کرنا۔ لے جانا یا تیار کرنا۔

(ج) انسانوں یا لاشوں یا بتوں یا دیگر شبیہات کو مقام عام میں بغرض نمائش رکھنا یا پیش کرنا۔

(د) ۔عوام میں شور و غل مچانا یا گانا۔

(ھ) ۔کوئی ایسی تقریر یا جسمانی حرکت یا نقالی یا تصویر یا علامت یا اشتہار یا کوئی اور چیز تیار کرنا یا اس کی نمائش یا اشاعت کرنا جو

[1] ۔ ترمیم بموجب دفعہ ۲ قانون نشان ۲۷ ۱۳۵۶ف

of the Commissioner of Police, is likely to create religious animosity or hatered between different communities or individuals or is likely to bring about commission of an offence or disturbance of the public peace or induces resistance to or contempt of the law or of a lawful authority.

Power to prohibit assembly and procession.

(3) The Commissioner of Police may, at any time by order in writing, prohibit every kind of assembly or procession for such time as may appear to him to be necessary and proper for preservation of peace and public safety; but no such prohibitory order shall remain in force for a period exceeding one week without the sanction of the Government.

Power to reserve street or public place for any public purpose.

(4) The Commissioner of Police may also by public notice temporarily reserve any street or public place for any public purpose and prohibit any person from entering the area so re-



خلاف اخلاق وتہذیب ہو یا جس سے کوتوال بلدہ کی رائے میں مختلف اقوام یا مختلف افراد میں مذہبی نفاق یا منافرت پیدا ہونے کا احتمال ہو یا اس سے کسی جرم کے ارتکاب یا نقص امن کا احتمال ہو یا قانون یا عہدہ داران مجاز کی مزاحمت یا تحقیر کی ترغیب ہوتی ہو۔

مجمع اور جلوس کے امتناع کے اختیارات۔

(۳)۔ کوتوال بلدہ کو اختیار ہوگا کہ ذریعہ حکم تحریری ہر قسم کے مجمع یا جلوس کو کسی وقت ایسی مدت کے لئے جو بغرض قیام امن وعافیت عامہ ضروری ومناسب معلوم ہو ممنوع قرار دے لیکن کوئی ایسا حکم امتناعی بغیر منظوری سرکار عالی ایک ہفتہ سے زیادہ مدت تک نافذ نہ رہے گا۔

شارع عام یا مقام عام کو کسی غرض عام کیلئے محفوظ رکھنے کے اختیارات۔

(۴) کوتوال بلدہ کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ عام اشتہار کے ذریعہ کسی شارع عام یا مقام عام کو کسی رفاہ عام کی غرض سے عارضی طور پر مختص کر دے اور ایسے مختص شدہ رقبہ میں کسی شخص کو

served unless he observes the conditions prescribed by the Commissioner of Police.

Power of Commissioner of Police to issue orders for prevention of riot or disturbance.

23. (1) The Commissioner of Police may in order to suppress or prevent any riot or grave disturbance temporarily close or take possession of any building or place and may exclude all or any persons therefrom or may allow them to enter such place on such conditions as he may prescribe. All such persons shall conduct themselves in accordance with such orders as the Commissioner of Police may make and notify in the exercise of the powers vested in him under this section.

Compensation for loss etc. to lawful occupier of building or place taken possession of or closed by Commissioner of Police.

(2) If the lawful occupier of such building or place suffers any substantial loss or injury by the action of the Commissioner of Police taken under sub-section (1) of this section, he shall be entitled to apply to the Commissioner of Police within one month from the date of such action to receive



داخل ہونے سے روکے بجز اس کے کہ وہ شرائط مقرر کردہ کوتوال بلدہ کی پابندی کرے۔

اختیارات کوتوال بلدہ دربارہ اجرائی احکام نسبت انسداد بلوہ یا ہنگامہ۔

دفعہ ۲۳۔(۱) کوتوال بلدہ کو اختیار ہوگا کہ کسی بلوہ یا ہنگامہ شدید کے روکنے یا اس کے انسداد کے لئے کسی عمارت یا مقام کو عارضی طور پر بند کردے یا اس کو اپنے قبضہ میں لے اور تمام یا بعض اشخاص کو وہاں سے باہر کردے یا ان کو ان شرائط پر جو وہ مقرر کرے اس مقام میں داخل ہونے دے۔ ایسے تمام اشخاص پر لازم ہوگا کہ ان جملہ احکام کے مطابق وہ اپنا طرز عمل رکھیں جو کوتوال بلدہ حسب اختیار حاصلہ تحت دفعہ ہذا صادر و مشتہر کرے۔

ایسے جائز قابض مکان یا مقام کے نقصان وغیرہ کا معاوضہ جس کو کوتوال بلدہ نے قبضہ میں لیا یا بند کیا ہو۔

(۲)۔ اگر ایسی عمارت یا مقام کے قابض جائز کو کوتوال بلدہ کے اس فعل سے جو تحت دفعہ ہذا ضمن (۱) کیا جائے کوئی معتد بہ نقصان یا مضرت پہونچے تو وہ مستحق ہوگا کہ ایسے فعل کے وقوع کی تاریخ سے

*(Translation)*

reasonable compensation for such loss or injury unless such action has been necessitated by the mode or intended mode of use of such building or place or by the misconduct of persons having access to such, building or place.

Dispute as to compensation to be settled by the Chief City Magistrate.

(3) Where in any case a dispute arises under sub-section (2) of this section, the decision of the Chief City Magistrate shall be final as to the amount of compensation if any and the person entitled thereto.

Powers to issue orders for maintenance of order at religious ceremonials.

24. (1) If in respect of an actual or intended assemblage of a religious nature or ceremonial or corporate display or organised assemblage or exhibition or meeting held in any street or



اندرون ایک ماہ ایسے نقصان یا مضرت کی بابتہ معقول معاوضہ حاصل کرنے کے لئے کوتوال بلدہ کے پاس درخواست پیش کرے بجز اس کے کہ ایسے عمل کی ضرورت اس عمارت یا مقام کے طریقۂ استعمال یا ارادہ طریقہ استعمال یا ان اشخاص کے نامناسب روش سے پیش آئی ہو جو اس عمارت یا مقام میں آمد و رفت رکھتے ہوں۔

نزاع متعلق ایصال معاوضہ کا تصفیہ ناظم اول عدالت فوجداری کرے گا۔

(۳) کسی مقدمہ میں کوئی نزاع حسب ضمن (۲) دفعہ ہذا پیش ہو تو ناظم اول عدالت فوجداری کا فیصلہ مقدار معاوضہ (اگر کچھ ہو) اور شخص مستحق کی نسبت قطعی ہوگا۔

تقاریب مذہبی کے وقت انتظام امن کی نسبت اجرائی احکام کے اقتدارات۔

دفعہ ۲۴۔ (۱) کوتوال بلدہ کو اگر کسی ایسے موجودہ یا آئندہ ہونے والا مجمع متعلق بہ مذہب یا مراسم یا اجتماعی مظاہرہ یا کسی منتظمہ مجمع یا نمائش یا جلسہ کی بابتہ جو کسی شارع عام یا مقام عام میں ہو رہا ہو یہ معلوم ہو کہ اس سے یا اس مجمع کی طرز روش سے

*(Translation)*

public place, it appears to the Commissioner of Police that a dispute has arisen due to such assemblage or its conduct which is likely to cause grave disturbance of public peace, the Commissioner of Police may give such orders as to the conduct and behaviour of the persons interested towards each other and towards the public as may appear to him reasonable under the circumstances regard being had of the apparent legal rights and established practice of the parties and of the persons interested. Every such order shall be published in the place or area wherein it is to operate and all persons concerned shall be bound to conform to the same.

Such orders to be subject to decree etc., of Court.

(2) Any order made under sub-section (1) of this section shall be subject to a decree, or injunction or other order of a competent Court; and the Commissioner of Police shall cancel or modify the order made by him when it is made known to him that the said order is inconsistent with the decree, injunction or any other order of a competent Court made by such Court on the complaint, suit or application of the person interested as to the rights or duties of the person who has suffered injury



کوئی ایسی نزاع برپا ہے جس سے امن عامہ میں سخت خلل واقع ہونے کا قوی احتمال ہے تو کوتوال بلدہ کو اختیار ہوگا کہ اشخاص متعلقہ کے باہمی اور عوام کے ساتھ طرز عمل اور روش کے متعلق ایسے احکام صادر کرے جو بلحاظ حالات اور بلحاظ ظاہری حقوق قانونی وعملدرآمد قدیم فریقین و اشخاص متعلقہ مناسب معلوم ہو - ہر ایسا حکم اس مقام یا رقبہ میں شائع کیا جائے گا جہاں پر اس کی تعمیل مطلوب ہو اور تمام اشخاص متعلقہ پر اس کی تعمیل لازمی ہوگی -

ایسے احکام عدالت کی ڈگری وغیرہ کے تابع رہیں گے -

(۲) - کوئی حکم جو تحت ضمن (۱) دفعہ ہذا جاری کیا جائے وہ عدالت مجاز کی ڈگری یا حکم امتناعی یا اور حکم کے تابع رہے گا لیکن کوتوال بلدہ پر لازم ہوگا کہ اپنے مجریہ حکم کو منسوخ یا اس میں ترمیم کرے جب اس کو یہ معلوم کرایا جائے کہ حکم مذکور کسی عدالت مجاز کی اوس ڈگری، حکم امتناعی یا اور کسی حکم کے مغائر ہے جو شخص متعلقہ کے دائر کردہ استغاثہ - دعویٰ یا درخواست کی اس شخص کے حقوق یا فرائض کے متعلق

(*Translation*)

by the order of the Commissioner of Police.

Powers of the Police to prevent disorder at public place of amusement and public resort.

25. (1) For the purpose of preventing any serious disorder or unlawful acts or eminent danger to the persons assembled at any public place of amusement or at any meeting or assembly to which the public is invited or allowed, every Police officer of rank superior to that of Head Constable present at such public place of amusement or meeting or assembly may, subject to the rules and orders lawfully made in this behalf, give such orders and directions as to the mode of admission of the public to, the conduct of persons attending, and maintenance of the public safety at such places as he thinks necessary; and all persons shall be bound to conform to such reasonable directions and orders.



جس کو کوتوال بلدہ کے حکم کی بنا پر مضرت پہنچی ہو عدالت مجاز نے صادر کیا ہو ۔

مقام تفریح گاہ عام و فرودگاہ عام پر بدنظمی کو روکنے کے لئے کوتوالی کے اقتدارات ۔

دفعہ ۲۵ ۔ (۱) کسی تفریح گاہ عام یا کسی ایسے جلسے یا مجمع میں جس میں عوام کی شرکت کی دعوت یا اجازت ہو اگر کوئی سخت بدنظمی یا خلاف قانون اعمال یا اس مقام پر جو اشخاص جمع ہوئے ہوں ان کے لئے کسی خطرہ کا احتمال ہو تو اس کے انسداد کے لئے ہر عہدہ دار کوتوالی کو جس کا درجہ جمعدار سے بڑھ کر ہو اور جو ایسے تفریح گاہ عام یا جلسہ یا مجمع میں موجود ہو اختیار ہوگا کہ بہ اتباع احکام و قواعد جو اس خصوص میں جائز طور پر صادر ہوئے ہوں ایسے مقامات پر عوام کے طریقۂ شرکت ۔ شرکاء کے طرز عمل و قیام حفاظت عامہ کے لئے ایسے احکام و ہدایات صادر کرے جو وہ ضروری سمجھے اور ان تمام اشخاص پر لازم ہوگا کہ ایسے معقول ہدایات و احکام کی پابندی کریں ۔

Employees of Police to have general permission to enter such places.

(2) The Police shall have power to enter every such public place of amusement, meeting, or assembly without obstruction for the purpose of giving effect to or carrying out the provisions of Sub-section (1) of this section and every direction given thereunder,

مقامات صدر میں اہالیان کوتوالی کو داخل ہونے کی عام اجازت ۔

(۲) ۔ احکام مندرجہ ضمن (۱) دفعہ ہذا اور ہر ایسی ہدایت جو اسکے تحت دی گئی ہو اس کے نفاذ یا عمل میں لانے کے لئے اہالیان کوتوالی مجاز ہوں گے کہ ہر ایسی تفریح گاہ عام یا جلسہ یا مجمع میں بلا روک ٹوک داخل ہوجائیں ۔

Dispersal of gangs or assembly of persons.

26. (1) Whenever it appears to the Commissioner of Police—

گیانگ یا مجمع اشخاص کو منتشر کرنا ۔

دفعہ ۲۶ (۱) جب کبھی کوتوال بلدہ کو یہ معلوم ہو کہ :-

(a) that the movements or acts of any person residing in the City of Hyderabad are causing or likely to cause danger, alarm or harm to the life or property of any person or that there are reasonable grounds to believe that such person is engaged or is about to be engaged in the commission of an offence necessitating the use of force or violen● or an offence punishable under Chapters, VII, XV or XVI of the Hyderabad Penal Code or its about to abet such offences and when in the opinion of the Commissioner of Police no witness is willing to give evidence in public against such person

(الف) کسی شخص کی نقل و حرکت یا افعال سے جو بلدہ حیدرآباد میں سکون ہو کسی کی جان و مال کو کوئی خوف ۔ خطرہ یا نقصان پہنچ رہا ہو یا پہونچنے کا احتمال ہے یا یہ باور کرنے کے کافی وجوہ موجود ہیں کہ ایسا شخص کسی ایسے جرم کے ارتکاب میں جس کے لئے جبر یا تشدد کے استعمال کی ضرورت ہے یا کوئی ایسے جرم کے ارتکاب میں جو تحت باب ۷ ، ۱۵ یا ۱۶ تعزیرات آصفیہ قابل سزا ہے مصروف ہے یا مصروف ہونے والا ہے یا ایسے جرائم کی اعانت کرنے والا ہے اور جب کوتوال بلدہ کی رائے میں کوئی گواہ اس شخص کے خلاف علانیہ شہادت دینے کے لئے اس خوف سے کہ

(*Translation*)

by reason of apprehension of harm to his life and property; or

(b) that an outbreak of an epidemic disease is likely to result from the continued residence of an immigrant; he may, by order in writing to be served on such person or by beat of drum or otherwise as the Commissioner of Police thinks fit, direct such person or immigrant to conduct himself in such manner as shall be necessary to prevent violence and alarm or the outbreak or spread of such disease or shall require such person to remove himself to such place or places and by such route or routes and within such time as the Commissioner of Police may prescribe.

(2) The Commissioner of Police may direct any person who has been twice convicted under section, 69 of this Act or any person who has been thrice convicted within a period of 3 years under section 4 or section 13 of the Gambling Act, 1319 Fasli as ammended, to remove as aforesaid.



کہیں اس کی جان و مال کو نقصان نہ پہونچے آمادہ نہیں ہے۔ یا

(ب) کسی نو وارد کی مسلسل سکونت سے کسی مرض متعدی کے پھیلنے کا اندیشہ ہے تو بذریعہ حکم تحریری جس کی اس شخص پر تعمیل کی جائے گی یا بضرب دہل یا کسی اور طریقہ سے جس کو کوتوال بلدہ مناسب سمجھے ایسے شخص یا نو وارد کو اپنا طرز عمل ایسا رکھنے کی ہدایت دے سکے گا۔ جو تشدد اور خطرہ یا ایسے مرض کی ابتدا یا اشاعت کو روکنے کے لئے ضروری ہو یا ایسے شخص کو ایسے مقام یا مقامات پر اس راستہ یا راستوں سے اس مدت میں جو کوتوال بلدہ مقرر کرے منتقل ہونے کا حکم دیگا۔

(۲) کوتوال بلدہ کو اختیار رہوگا کہ کسی ایسے شخص کو جو تحت دفعہ ۶۹ قانون ہذا دو مرتبہ سزا پایا ہو یا کسی ایسے شخص کو جو تین سال کے اندر تحت دفعات ۴ یا ۱۳ مرحمہ قانون قمار بازی بابتہ ۱۳۱۹ف تین مرتبہ سزا پایا ہو حسب صراحت متذکرہ صدر منتقل ہو جانے کا حکم دے۔

*(Translation)*

(3) The Commissioner of Police may also direct any person who not having been born within the City Police limits, has been more than twice convicted of offences under Chapters VII, XV or XVI of the Hyderabad Penal Code to remove himself in like manner from the City of Hyderabad or not the enter the City Police, limits.

A copy of such order shall be sent to the Chief City Magistrate.

(4) For the purposes of sub-section (2) the decision of the Commissioner of Police that a person has or has not been born within the City Police limits shall be final.

(5) (firstly)—The Government may, if satisfied that peace or public safety in the City of Hyderabad or in any part thereof is disturbed or is likely to be disturbed on account of a conflict between different communities or groups or sections or gangs, thereof, declare by a proclamation (hereinafter referred to as the proclamation of emergency) that an emergency exists.



(۳) کوتوال بلدہ کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ کسی ایسے شخص کو جو حدود کوتوالی بلدہ میں پیدا نہ ہوا ہو اور جو جرائم مندرجہ باب ۷ ـ ۱۵ یا ۱۶ تعزیرات آصفیہ کی خلاف ورزی کی علت میں دو سے زائد مرتبہ سزا پایا ہو بلدہ حیدرآباد سے اسی طرح منتقل ہونے یا حدود کوتوالی بلدہ میں داخل نہ ہونے کا حکم دے۔

ایسے حکم کی ایک نقل ناظم اول فوجداری بلدہ کے پاس بھیجدی جائے گی۔

(۴) ۔ اغراض ضمن (۲) کے لئے کوتوال بلدہ کا تصفیہ کہ کوئی شخص حدود کوتوالی بلدہ میں پیدا ہوا یا نہیں ہوا ہے قطعی ہوگا۔

(۵) (اول) ۔ اگر سرکار عالی کو یہ اطمینان ہو جائے کہ بلدہ حیدرآباد یا اس کے کسی حصہ میں مختلف فرقوں یا ان کی جماعتوں یا دستوں یا ٹکڑیوں کے باہمی جھگڑے کی وجہ سے امن یا عافیت عامہ میں خلل واقع ہوا ہے یا واقع ہونے کا اندیشہ ہے تو بذریعہ اعلان (جسے آئندہ اعلان واقعہ ناگہانی کے نام سے موسوم کیا گیا ہے) یہ مشتہر کیا جا سکے گا

(secondly)—Such proclamation of emergency—

(a) may be revoked by any other subsequent proclamation.

(b) shall, in any case, be deemed to be cancelled after one month unless before the expiration of such period it has been renewed.

(thirdly)—After a proclamation of emergency has been issued by the Government under clause first whenever it appears to the Commissioner of Police that the presence, movements or acts of any person in the city is or are causing or likely to cause danger or alarm or that a reasonable suspicion exists that such person has a design to disturb public peace and tranquillity, he may, by order in writing to be served on such person or by beat of drum or otherwise as he thinks fit, direct such person to conduct himself in such manner as in the opinion of the Commissioner of Police may be reasonable for public safety or may direct such person to remove himself to such place or places and by such route or routes and within such time as the Commissioner of Police may prescribe.



کہ ایسے واقعہ ناگہانی کا وجود ہے۔

(دوم)۔ ایسا اعلان واقعہ ناگہانی۔

(الف)۔ کسی اور اعلان مابعد کے ذریعہ منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ اور

(ب)۔ بہرحالت میں ایک ماہ کے بعد منسوخ سمجھا جائے گا بجز اس کے کہ ایسی مدت کے ختم ہونے سے پہلے اس کی تجدید نہ کی گئی ہو۔

(سوم)۔ جب منجانب سرکار عالی تحت فقرہ (اول) اعلان واقعہ ناگہانی اجرا ہو چکا ہو تو کوتوال بلدہ کو جب کبھی یہ معلوم ہو کہ بلدہ میں کسی شخص کی موجودگی۔ نقل و حرکت یا افعال سے خطرہ یا خوف پیدا ہو رہا ہے یا پیدا ہونے کا احتمال ہے یا اس کا معقول شبہ ہے کہ ایسا شخص امن و عافیت عامہ میں خلل ڈالنے کا ارادہ رکھتا ہے تو کوتوال بلدہ بذریعہ حکم تحریری جسکی اس شخص پر تعمیل کیجائیگی یا بضرب دہل یا کسی اور طریقے پر جسکو وہ مناسب سمجھے ایسے شخص کو حکم دیگا کہ وہ اپنا طرز عمل ایسا رکھے جو تحفظ امن عامہ کیلئے کوتوال بلدہ کی رائے میں مناسب معلوم ہو یا اس شخص کو ایسے مقام یا مقامات پر ایسے راستہ یا راستوں سے اور اس مدت کے اندر جو کوتوال بلدہ

(fourthly)—Any person aggrieved by an order of the Commissioner of Police made under clause third may appeal to the Government within ten days from the date when such order is made.

(fifthly)—An order passed by the Commissioner of Police under clause third shall, subject to an appeal mentioned referred to in clause fourth be deemed to be final.

(sixthly)—Nothing contained in this section shall require any Police officer to disclose to the person against whom an order is made under clause third or to a Court the sources of his information or any fact the communication of which may, in the opinion of the Commissioner of Police reveal the name or identity of person giving information.

(seventhly)—Any order made by the Commissioner of Police under clause third or by the Government under clause fourth shall not be deemed to be operative at the expiration of proclamation of emergency.



مقرر کرے منتقل ہونے کا حکم دے۔

(چہارم)۔ کوئی شخص کوتوال بلدہ کے حکم مجریہ تحت ضمن (سوم) سے ناراض ہو تو ایسے حکم کی تاریخ صدور سے دس دن کے اندر سرکار عالی کے پاس مرافعہ دائر کرسکے گا۔

(پنجم) کوتوال بلدہ کا حکم مجریہ تحت فقرہ سوم باتباع مرافعہ مندرجہ فقرہ (چہارم) قطعی متصور ہوگا۔

(ششم) اس دفعہ کی عبارت کی رو سے کسی عہدہ دار کوتوالی پر یہ لازم نہیں کہ کسی ایسے شخص کو جس کے خلاف تحت فقرہ (سوم) کوئی حکم جاری کیا گیا یا عدالت کو اپنے ذرائع معلومات یا کسی ایسے واقعہ کی اطلاع دے جس کے اظہار سے کوتوال بلدہ کی رائے میں اطلاع دہندہ کا نام یا اس کی شخصیت کا افشا ہوتا ہو۔

(ہفتم)۔ کوئی حکم جو کوتوال بلدہ کی جانب سے تحت فقرہ (سوم) یا سرکار عالی کی جانب سے تحت فقرہ (چہارم) جاری کیا گیا ہو اعلان واقعہ ناگہانی کے نفاذ کے اختتام کے بعد موثر نہیں سمجھا جائے گا۔

*(Translation)*

(6) If the person who has been ordered under sub-section (1), (2), (3) or 5 fails to refuse to remove himself outside the City of Hyderabad or enters the City of Hyderabad within the prescribed period, the Commissioner of Police shall cause him to be arrested and removed in Police custody to such place outside the City of Hyderabad as may be suitable in his opinion.

(7) Before an order under sub-section (1), (2) or (3) is passed against any person, the Commissioner of Police or any officer authorised by him not below the rank of an Assistant Commissioner of Police, shall inform such person in writing of the general nature of the allegations against him and give him sufficient opportunity of explaining those allegations.

If such person makes an application for the examination of any witness produced by him, the Commissioner of Police or such officer shall grant such application and examine such witness unless for reasons to be recorded in writing he is of the opinion that such application is made merely for the purpose of vexation or delay. Any written statement put in by such person shall be filed with the relevant

(۶)۔ اگر وہ شخص جس کو تحت ضمن (۱)۔(۲)، (۳)، یا (۵)، ایسا حکم دیا گیا ہو بلدہ حیدرآباد کے باہر منتقل نہ ہو یا منتقل ہونے سے انکار کرے یا بلدہ حیدرآباد میں اندرون مدت مقررہ داخل ہو تو کوتوال بلدہ اس کو گرفتار کرائے گا اور حراست کوتوالی میں بلدہ حیدرآباد کے باہر کسی ایسے مقام پر جو اس کی رائے میں مناسب ہو منتقل کرے گا۔

(۷)۔ کسی شخص کے خلاف تحت ضمن (۱)۔(۲)، یا (۳)، حکم جاری کرنے سے قبل کوتوال بلدہ یا کوئی عہدہ دار جس کو کوتوال بلدہ نے مجاز کیا ہو جس کا درجہ مددگار سے کم نہ ہوگا۔ ایسے شخص کو ان الزامات کی عام نوعیت کی تحریری اطلاع دے گا جو اس سے منسوب کئے گئے ہوں اور جواب دہی کے لئے اس کو کافی موقع دے گا۔

اگر ایسا شخص اپنے کسی پیش کردہ گواہ کا بیان قلمبند کرنے کی درخواست کرے تو کوتوال بلدہ یا ایسا عہدہ دار ایسی درخواست منظور کریگا اور ایسے گواہ کا بیان قلمبند کرے گا بجز اس کے کہ ان وجوہ کی بناء پر جنھیں قلمبند کیا جائے گا اس کی رائے میں ایسی درخواست محض تاخیر یا ایذارسانی کی غرض سے

record. Such person shall be entitled to appear before the Commissioner of Police or the said officer by a pleader or attorney for the purpose of explaining the alligations against him and for the purpose of examination of witnesses produced by him.

(8) The Commissioner of Police or the officer authorised under sub-section (7). may, for securing the attendance of any person against whom an order is proposed to be made under sub-section (1), (2) or (3), exercise all or any of the powers of a Court under sections 63, 65, 66 and 67 of the Hyderabad Code of Criminal procedure. When such person is brought before the Commissioner of Police, the Commissioner of Police may release him on bail with or without sureties or may, from time to time, detain him in custody for such period as he thinks fit; but such period shall not exceed fifteen days at a time.



پیش کی گئی ہے ۔ ایسے شخص کی جانب سے کوئی تحریری بیان پیش ہو تو شریک مثل کارروائی متعلقہ کیا جائے گا ۔ ایسے شخص کو حق حاصل ہوگا کہ کوتوال بلدہ یا عہدہ دار مذکور کے روبرو ان الزامات کی جوابدہی کے لئے جو اس سے منسوب کئے گئے ہیں اور ان گواہوں کے بیانات کی قلمبندی کی غرض سے جو اس کی جانب سے پیش ہوئے ہوں بذریعہ وکیل یا مختار پیش ہو ۔

(۸) ۔ کوتوال بلدہ یا وہ عہدہ دار جو تحت ضمن (۷) مجاز کیا گیا ہو ایسے شخص کی حاضری کے لئے جس کے خلاف تحت ضمن (۱) ۔ (۲) ۔ (۳) حکم جاری کرنا مقصود ہے ۔ ضابطہ فوجداری سرکار عالی کی دفعات ۶۳ ۔ ۶۵ ۔ ۶۶ اور ۶۷ کے مندرجہ جملہ یا بعض اختیارات عدالتی کو استعمال میں لاسکے گا ۔ جب ایسا شخص کوتوال بلدہ کے روبرو حاضر کیا جائے تو کوتوال بلدہ اس کو مچلکہ پر رہا کر سکیگا معہ یا بلا ضمانت یا وقتاً فوقتاً اس کو ایسی مدت کے لئے حراست میں رکھ سکے گا جس کو وہ مناسب سمجھے ۔ لیکن یہ مدت بہ یک وقت پندرہ دن سے زائد نہ ہوگی ۔

*(Translation)*

(9) Any person aggrieved by an order made by the Commissioner of Police under sub-section (1), (2) or (3) may appeal to the Government within thirty days from the date when such order is made.

(۹) - کوئی شخص جو کوتوال بلدہ کے حکم مجریہ تحت ضمن (۱) - (۲) یا (۳) سے ناراض ہو تو ایسے حکم کی تاریخ صدور سے (۳۰) دن کے اندر سرکار عالی میں مرافعہ دائر کر سکے گا -

(10) Any order passed by the Commissioner of Police under sub-section (1), (2), or (3) or by the Government under sub-section (9) shall not be called in question in any Court unless the Commissioner of Police or the officer mentioned in sub-section (7) had not followed the procedure laid down in the said sub-section or there was no material before the Commissioner of Police upon which he could have based such order or the Commissioner of Police was not of opinion that witnesses were unwilling to give evidence in the public against the person in respect of whom an order was made under sub-section (1).

(۱۰) - کوئی حکم تحت ضمن (۱) - (۲) یا (۳) مجریہ کوتوال بلدہ یا کوئی حکم تحت ضمن (۹) مجریہ سرکار عالی کسی عدالت میں زیر بحث نہ آسکے گا - بجز اسکے کہ کوتوال بلدہ یا عہدہ دار متذکرہ ضمن (۷) نے ضابطہ مندرجہ ضمن مذکور کی پابندی نہ کی ہو - یا کوتوال بلدہ کے پاس ایسا کوئی مواد موجود نہ تھا جس کی بنا پر وہ حکم دے سکتا یا کوتوال بلدہ کی یہ رائے نہ تھی کہ گواہ اس شخص کے خلاف علانیہ شہادت دینے کو آمادہ نہ تھے جس کے متعلق تحت ضمن (۱) کوئی حکم دیا گیا ہو -

(11) Nothing contained in this section shall require any Police officer to disclose to the person against whom an order is made under sub-section (1), (2) or (3) or to a Court the sources of his information or any fact the Communication of which may, in the opinion of the Commissioner of Police,

(۱۱) - اس دفعہ کی عبارت کی رو سے کسی عہدہ دار کوتوالی پر لازم نہیں کہ کسی ایسے شخص کو جسکے خلاف تحت ضمن (۱) - (۲) یا (۳) کوئی حکم جاری کیا گیا ہو یا عدالت کو اپنے ذرائع معلومات یا کسی ایسے واقعہ کی اطلاع دے جس کے اظہار سے کوتوال

reveal the name or identity of the person giving information.

**Destruction of stray dogs.**

27. (1) The Commissioner of Police may from time to time by notification proclaim that any stray dog found, during such time as may be specified in the notification, wandering in any street or in any public place shall be destroyed and every such dog found in any street or public place during the hours mentioned in the notification, shall be destroyed.

**Muzzling or seixure of dogs.**

(2) The Commissioner of Police may by public notice, require that every such dog as may be in any street or public place and not led by some person, shall be muzzled in such a manner as to prevent it from biting, while not causing inconvenience to it in eating or breathing and every Police officer may, so long as such notice remains in force, destroy, or take possession of and detain any dog not so muzzled and



بلدہ کی رائے میں اطلاع دہندہ کا نام یا اس کی شخصیت کا افشا ہوتا ہو۔

**آوارہ کتوں کی ہلاکت۔**

دفعہ ۲۷۔ (۱) کوتوال بلدہ کو اختیار رہوگا کہ وقتاً فوقتاً بذریعہ اعلان مشتہر کرائے کہ ان اوقات میں جن کی صراحت اس اعلان میں ہوگی اگر کوئی آوارہ کتا کسی شارع عام یا مقام عام میں پھرتا ہوا پایا جائے تو وہ ہلاک کر دیا جائے گا اور ہر ایسا کتا جو باوقات مندرجہ اعلان شارع عام یا مقام میں پایا جائے ہلاک کر دیا جائے گا۔

**کتوں کے منہ کو چھیکا لگانا یا ان کو پکڑ لینا۔**

(۲)۔ کوتوال بلدہ ذریعہ اعلان عام یہ حکم دے سکے گا کہ ہر ایسے کتے کے منہ کو جو کسی شارع عام یا مقام عام پر ہو اور جس کے ساتھ کوئی نگہبان نہ ہو چھیکا اس طرح لگایا جائے کہ اس کو کھانے یا سانس لینے میں کسی قسم کی تکلیف نہ ہو اور کسی کو کاٹ نہ سکے جب تک ایسا اعلان نافذ رہے اس وقت تک ہر عہدہ دار کوتوالی مجاز ہوگا کہ ہر ایسے کتے کو جس کو اس طرح چھیکا نہ لگا ہو اور جو

found astray beyond the premises of the owner:

Saving as to dogs wearing collars.

Provided that any dog so found, with a collar bearing the name or address of its owner, shall not, unless it is rabid, be forthwith destroyed; but it shall be detained and information thereof be given by post or otherwise to its owner.

Destruction or sale of dogs.

(3) Any dog which has been, detained under sub-section (2) remains without the owner providing with a muzzle for 3 clear days and paying all expenses for such detention may be sold or destoryed with the sanction and under the order of Commissioner of Police.

Proceeds of sale how disposed of.

(4) The proceed of the sale of any dog under sub-section (3) shall be applied as far as may be towards the expenses for it detention;



مالک کے احاطہ کے باہر آوارہ پایا جائے اس کو ہلاک کرے یا اپنے قبضہ میں لے کر روک رکھے۔

جن کتوں کے گلے میں پٹے ہوں ان احکام سے مستثنیٰ رہیں گے۔

بشرطیکہ کوئی کتا جو اس طرح پایا جائے اور جس کے گلے کے پٹہ پہ اس کے مالک کا نام یا پتہ درج ہو اگر وہ دیوانہ نہ ہو تو فوراً ہلاک نہ کیا جائے گا بلکہ اس کو روک رکھ کر اس کی اطلاع اس کے مالک کو ذریعہ ٹپہ یا اور طور پہ دی جائے گی۔

کتوں کی ہلاکت یا فروخت۔

(۳)۔ اگر کسی ایسے کتے کو جو بموجب ضمن (۲) روک رکھا گیا ہو مالک کامل (۳) یوم تک چھیکا لگانے کا انتظام نہ کرے اور اس طرح روک رکھنے کی بابتہ تمام اخراجات داخل نہ کرے تو وہ کتا بعد منظوری و بحکم کوتوال بلدہ فروخت یا ہلاک کیا جاسکے گا۔

آمدنی فروخت کس طرح خرچ کی جائے گی۔

(۴)۔ زرثمن جو کسی کتے کی فروخت سے حسب ضمن (۳) وصول ہو حتی الامکان اس کتے کے روک رکھنے کے مصارف میں صرف کیا جائے گا اور

an the Government shall be entitled to appropriate the balance if any.

اگر کچھ رقم بچ رہے تو اس کے تصرف کا حق سرکار عالی کو حاصل رہے گا -

Mode of recovery of expenses.

(5) Any expenses incurred for the detention or destruction of any such dog shall, subject to the provisions of sub-section (4) of this section, be recoverable upon a warrant by the Commissioner of Police as fine under section 316 of the Code of Criminal Procedure No. IV of 1313 F.

حصول اخراجات کا طریقہ - (۵) - ایسے کسی کتے کے روک رکھنے یا ہلاک کرنے میں جو صرفہ عاید ہو بتابعت احکام مندرجہ ضمن (۴) دفعہ ہذا بربنار حکمنامہ مجریہ کوتوال بلدہ بطور جرمانہ حسب دفعہ ۳۱۶ ضابطہ فوجداری نشان (۴) ۱۳۱۳ف وصول کیا جا سکے گا -

Destruction of suffering and unfit animals.

28. (1) Any Police officer who in any street or place other other than a place of worship finds any animal other than a cow or a bull so diseased, or so severely wounded and in such a physical condition that in his opinion it cannot without cruelty be removed therefrom, shall, if the owner of the animal is absent or does not content to the destruction of the animal, at once summon the Veterinary officer of the area in which the animal is found and if the Veterinary officer certifies that the animal is so mortally wounded or severely diseased or in such a physical condition that it is cruel to keep it alive, the said Police officer may, without the permission of the

بیمار اور ناقابل کار جانوروں کی ہلاکت -

دفعہ ۲۸ - (۱) کوئی عہدہ دار کوتوالی باستثناء مقام عبادت گاہ کسی شارع عام یا مقام پر بجز گائے یا سانڈ کے کسی اور جانور کو اس قدر مریض یا اس قدر شدید زخمی اور ایسی جسمانی حالت میں پائے کہ جس کا وہاں سے ہٹانا اسکی رائے میں بے رحمی سے خالی نہ ہو تو اس کو لازم ہو گا کہ اگر مالک جانور غیر حاضر ہو یا

owner, destroy the animal or cause it to be destroyed. But if the Veterinary Practitioner is of opinion that the animal can be removed from the place were it is found without causing it great suffering, and if the owner or person incharge of the animal, or in his absence any other person present on the spot, is willing or offers to remove the animal to the nearest veterinary hospital within such time as the Veterinary Practitioner considers reasonable, the Veterinary Practitioner shall allow the animal to be so removed. If the owner or person incharge of the animal or any other person does not consent or fails so to remove the animal, the Veterinary Practitioner may direct the Police officer to remove the animal before it is destroyed to such place as he may think fit :

Provided that when any animal is destroyed in any street or public place

اس جانور کی ہلاکت پر راضی نہ ہو تو وہ فوراً اس حلقہ کے عہدہ دار سررشتہ علاج حیوانات کو طلب کرے جہاں وہ جانور موجود ہو اور اگر عہدہ دار سررشتہ علاج حیوانات اس امر کی تصدیق کرے کہ وہ جانور اس طرح مہلک طریقہ سے زخمی یا مریض ہے یا ایسی جسمانی حالت میں ہے کہ اس کو زندہ رہنے دینا باعث بے رحمی ہے تو عہدہ دار کوتوالی مذکور کو اختیار ہوگا کہ بلا اجازت مالک جانور کو ہلاک کرے یا ہلاک کرائے لیکن اگر معالج حیوانات کی رائے یہ ہو کہ اس جانور کو سخت تکلیف و درد دیئے بغیر اس مقام سے جہاں وہ ہے ہٹایا جا سکتا ہے اور اگر مالک یا نگراںکار جانور یا اس کے غیاب میں کوئی اور شخص جو اس مقام پر موجود ہو اس امر پر راضی ہو یا قبول کرے کہ وہ اس جانور کو قریب ترین دواخانہ علاج حیوانات میں ایسی مدت کے اندر لے جائے گا جو کہ وہ معالج حیوانات مناسب سمجھے تو معالج

*(Translation)*

it shall, as far as possible be screened from the public gaze while it is being destroyed.

*Explanation* :—For the purposes of this section the word "bull" shall not be deemed to include "bullock".

(2) The Government may appoint such persons as it thinks fit for veterinary treatment to be Veterinary Practitioners for the purposes of this section and determine the areas of which they shall be incharge for the purposes of this section.



حیوانات کو لازم ہوگا کہ اس جانور کو اس طرح منتقل کرنے کی اجازت دے اگر مالک یا نگران کار جانور یا کوئی اور شخص اس طرح راضی نہ ہو یا اس طرح منتقل کرنے میں قاصر رہے تو معالج سررشتہ حیوانات کو اختیار ہوگا کہ اس عہدہ دار کوتوالی کو یہ حکم دے کہ قبل از ہلاکت اس جانور کو کسی ایسے مقام پر منتقل کیا جائے جو وہ مناسب سمجھے مگر شرط یہ ہے کہ اگر کوئی جانور کسی شارع عام یا مقام عام پر ہلاک کیا جائے تو حتی الامکان اس کو بوقت ہلاکت عوام کی نظر سے پوشیدہ رکھا جائے۔

توضیح ۔ اس دفعہ کی اغراض کے لئے لفظ سانڈ میں آختہ بیل شامل نہیں سمجھا جائے گا۔

(۲) ۔ سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ جن اشخاص کو وہ علاج حیوانات کا اہل سمجھے ان کو دفعہ ہذا کے اغراض کے لئے معالج حیوانات مقرر کرے اور ان رقبہ جات کا تعین کرے جو دفعہ ہذا کے اغراض کے لئے ان کی نگرانی میں دیئے جائیں۔

(*Translation*)

## CHAPTER IV.

*Executive Powers and duties of Police.*

### Duties of Police Officers.

Duties of Police officers.

29. It shall be duty of every Police officer—

(a) promptly to serve every summons and execute every warrant or other order lawfully issued to him by any competent authority and to endeavour by every lawful means to give effect to the lawful commands of his superior;

(b) as far as possible to obtain intelligence concerning the commission of cognizable offences, or designs



## باب چہارم

انتظامی اقتدارات وفرائض کوتوالی

### عہدہ داران کوتوالی کے فرائض

عہدہ داران کوتوالی کے فرائض۔ دفعہ ۲۹۔ ہر عہدہ دار کوتوالی کا فرض ہوگا کہ

(الف) ہر طلب نامہ اور حکمنامہ یا کوئی اور حکم جو کوئی حاکم مجاز اس کے نام جائز طور پر جاری کرے اس پر بلا تاخیر عمل کرے یا تعمیل کرائے اور ہر جائز طریقہ پر اس امر کا کوشاں رہے کہ اپنے بالاتر عہدہ داروں کے جائز احکام کو نافذ کرائے۔

(ب)۔ حتی الامکان جرائم قابل دست اندازی

to commit such offences, and to bring such information to the notice of his superior officers; and to take such action consistent with law and with the orders of his superiors, as shall be calculated to punish the offenders under law or to prevent the commission of cognizable, and within his view, of non-cognizable, offences ;

(c) to prevent as far as possible the commission of public nuisance ;

(d) to apprehend persons whom he is legally authorised to apprehend and for whose apprehension there is sufficient reason ;

(e) to aid other Police officers when called on by them or if necessary in the discharge of their duties, in such manner as would be lawful and reasonable ;



کوتوالی کے ارتکاب یا ان کے ارتکاب کی تدابیر کے متعلق اطلاعات فراہم کرے اور ایسی اطلاعات اپنے عہدہ داران بالاتر کے علم میں لائے ۔ اور اُن اطلاعات کی نسبت حسب ضابطہ اور بہ مطابق احکام عہدہ داران بالا ایسی کارروائی عمل میں لائے جس سے مرتکبین جرم کو قانونی تدارک ہو سکے یا جرائم ناقابل دست اندازی کا جن کا اس کے روبرو سرزد ہونے کا احتمال ہو انسداد ہو۔

(ج) ۔ حتی الامکان امر باعث تکلیف عامہ کا انسداد کرے ۔

(د) ۔ ان اشخاص کو گرفتار کرے جن کی گرفتاری کا وہ قانوناً مجاز ہو ۔ اور جن کی گرفتاری کے لئے کافی وجہ موجود ہو۔

(ھ) ۔ دوسرے عہدہ داران کوتوالی کی خواہش کی بنا پر یا ان کے فرائض کے انجام دہی میں بشرط ضرورت اس طرح سے امداد کرے جو قانوناً جائز و مناسب ہو ۔

*(Translation)*

(f) to discharge every duty imposed upon him by any law for the time being in force ;

(و)۔ ہر ایسے فرض کو انجام دے جو کسی قانون نافذالوقت کی رو سے اس پر عائد کیا گیا ہو۔

(g) to render every possible assistance within his power to any disabled or helpless person in the street, and to take charge of persons who being intoxicated or lunatics are, in his opinion, dangerous or incapable of protecting themselves ;

(ز) اپنی حتی المقدور شارع عام پر کے معذور یا بے بس شخص کو ہر ممکنہ امداد دے اور ایسے اشخاص کو اپنی نگرانی میں لے جو نشہ میں ہونے یا مجنون ہونے کی وجہ اس کی رائے میں خطرناک یا اپنی حفاظت آپ کرنے کے ناقابل ہوں۔

(h) to take prompt measures to procure necessary help for any person under arrest, or in custody who is wounded or sick, and whilst conducting or guarding the said person, to have due regard to his condition ;

(ح)۔ ہر ایسے مجروح یا مریض کے جو گرفتار شدہ یا زیر حراست ہو ضروری امداد کی تدابیر بلا تاخیر عمل میں لائے اور شخص مذکور کے نقل و حرکت یا محافظت کے اثناء میں اس کی حالت کا مناسب لحاظ رکھے۔

(i) to make proper arrangement for the sustenance and shelter of every person who is under arrest or in custody ;

(ط)۔ ہر شخص محروس یا گرفتار شدہ کے خورد نوش و رہائش کا مناسب انتظام کرے۔

(j) in the course of search to refrain from needless rudeness or annoyance ;

(ی)۔ اثنائے تلاش میں غیر ضروری بداخلاقی یا ایذا رسانی سے باز رہے۔

*(Translation)*

(k) in dealing with women and children to have full regard to decency and act with gentleness ;

(l) to make all efforts in connection with the following matters :—

(1) prevention of damage or loss by fire, and

(2) protection of the public against any accident or danger ;

(m) to regulate the public traffic in the street, to prevent obstructions therein, and as far as possible, to prevent the infraction of any rule or order made under this Act or under any other law for the time being in force for observance by the public in or near a street ;

(n) to keep order in the street, or at such places of worship, passage, landing places and places of Urus or Jatra or other public places where public throng and in the vicinity of places of worship during the time of worship ;

(o) to make suitable arrangements for the use of places of worship



(ک)۔ عورتوں اور بچوں کے متعلق کوئی کارروائی کرتے وقت تہذیب کا پورا لحاظ رکھے اور نرمی کے ساتھ پیش آئے۔

(ل)۔ امور ذیل کے متعلق ہر ممکنہ جدوجہد کرے۔

(۱)۔ انسداد مضرت یا نقصان بوجہ آتش زدگی اور

(۲)۔ کسی حادثہ یا خطرہ سے عوام کی حفاظت۔

(م)۔ شارع عام پر عبور و مرور کے لئے مناسب انتظام رکھے اور اس میں کوئی مزاحمت نہ ہونے دے حتی الامکان کسی قاعدہ یا حکم کی جو تحت قانون ہذا یا کسی اور قانون نافذ الوقت صادر ہوا ہو۔ اور جو شارع عام اور اس قرب وجوار میں عوام پر واجب التعمیل ہو خلاف ورزی نہ ہونے دے۔

(ن)۔ شارع عام یا ایسے معابد۔ گزرگاہ یا گھاٹ اور مقامات اعراس یا جاترا یا دیگر ایسے مقامات عام میں جہاں عوام جمع ہوتے ہوں اور بوقت عبادت عام عبادت گاہوں کے قرب وجوار میں امن قائم رکھے۔

(س)۔ ایسے معابد اور نہانے دھونے کے

and bathing and washing places set apart for public and to prevent over-crowding there at and to prevent the infraction of any rule or order lawfully made for observance at such places ;

مقامات جو عوام کے استعمال کے لئے ہوں ان کے استعمال کا معقول انتظام رکھے اور ایسے مقامات پر گنجائش سے زیادہ مجمع نہ ہونے دے اور ہر ایسے جائز حکم یا قاعدہ کی خلاف ورزی نہ ہونے دے جس کی تعمیل ایسے مقامات پر واجب قرار دی گئی ہو۔

(p) to perform all duties imposed on him by the rules for the time being in force under sections 13 and 21 of this Act in the manner and subject to the conditions therein prescribed.

(ع) (۱) - ان تمام فرائض کو بپابندی شرائط و طریقہ مقررہ انجام دے جو بروئے قواعد نافذ الوقت تحت دفعات ۱۳ و ۲۱ قانون ہذا اس پر عائد کئے گئے ہوں۔

(2) Every person shall be bound to conform to every reasonable direction of a Police officer given by him in the discharge of the aforesaid duties.

(۲) - ہر شخص پر لازم ہوگا کہ عہدہ دار کوتوالی کی ہر معقول ہدایت کی پابندی کرے جو اس کی جانب سے فرائض متذکرہ صدر کے انجام دہی میں دی گئی ہو۔

(3) A Police officer may remove or detain any person who fails to conform to or refuses to comply with or assists the aforesaid directions.

(۳) - عہدہ دار کوتوالی مجاز ہوگا کہ ہر ایسے شخص کو جو ہدایات مصرحہ بالا کی پابندی سے قاصر رہے یا ان کی تعمیل سے انکار کرے یا مزاحم ہو تو اس کو وہاں سے ہٹا دے یا روکے۔

*(Translation)*

## POWERS OF POLICE OFFICERS TO ARREST WITHOUT WARRANT.

When Police may arrest any person without warrant.

30. Any Police officer may without an order from a Magistrate and without a warrant arrest any person —

(a) who has been concerned in any cognizable offence before him under section 38 of the Hyderabad Code of Criminal Procedure;

(b) who is liable to be punished for an offence before him under Sections 59, 61, 63, 64, 65 and sub-sections (e), (g) and (i) of section 66 and sections 67, 69, 70, 71 and sub-section (a) of section 73, section 75 and clauses first and second of section 76 and section 77 or who contravenes the *[rules made under clauses (b) and

*Substituted by Act No. XXIV of 1952.



## عہدہ داران کوتوالی کے حکمنامہ کے بغیر گرفتار کرنے کے اختیارات

کب کوتوالی بلا حکمنامہ کسی شخص کو گرفتار کرسکتی ہے۔

دفعہ ۳۰ - ہر عہدہ دار کوتوالی مجاز ہوگا کہ بلا حکم ناظم فوجداری اور بغیر حکمنامہ گرفتاری ہر ایسے شخص کو گرفتار کرے۔

(الف) - جو اس کے روبرو کسی جرم مندرجہ دفعہ ۳۸ ضابطہ فوجداری سرکار عالی کے تحت قابل گرفتاری ہو۔

(ب) - جو اس کے روبرو کسی جرم مندرجہ دفعات ۵۹ - ۶۱ - ۶۳ - ۶۴ - ۶۵ و ضمن ہائے (ھ) - (ز) - (ط) دفعہ ۶۶ و دفعات ۶۷، ۶۹، ۷۰ - ۷۱ و ضمن (الف) دفعہ ۷۳، و ۷۵ و ضمن ہائے (اول) - دوم دفعہ ۷۶ و دفعہ ۷۷ کا مستلزم سزا ہو یا

دفعہ ۲۱ گ

★ [rules made under clauses (b) and (gg) of sub-section (1) ]

★ Substituted by Act No. XXIV of 1952.

(gg) of sub-section (1)] and sub-sections (4) and (5) or fails to conform to the prohibitory directions given under clause (b) of sub-section (1) and clauses (a) and (b) of sub-section (2) of section 22 or sections 3, 4 and 5 of the Prevention of Cruelty to Animals Act No. I of 1313 Fasli ;

دفعات (۴ و ۵) کی خلاف ورزی کرے یا ہدایات امتناعی مصدرہ تحت دفعہ ۲۲ ضمن (۱) حرف (ب) و ضمن (۲) حرف (الف) و (ب) یا دفعات ۳ و ۴ و ۵ قانون انسداد بیرحمی بر جانوران نشان (۱) ۱۳۱۳ف کی تعمیل نہ کرے ۔

(c) who has been concerned in an offence punishable under section 60 of this Act or against whom a complaint has been made on reasonable grounds or about whom credible information has been received or reasonable suspicion exists for believing that he is so concerned.

(ج) ۔ جس کا کسی ایسے جرم سے تعلق ہو جو تحت دفعہ ۶۰ قانون ہذا مستلزم سزا ہو یا جس کے خلاف بوجوہ معقول ایسی شکایت کی گئی ہو یا جس کے بارے میں ایسی معتبر اطلاع وصول ہوئی ہو یا یہ باور کرنے کا معقول شبہ ہو کہ اس کا اس طرح تعلق ہے ۔

Other powers of arrest to Police Officers.

31. (1) Any police officer empowered in this behalf by the Commissioner of Police may arrest without warrant any person for an offence specified in section 68 of this Act.

عہدہ داران کوتوالی کے دیگر اقتدارات گرفتاری۔

دفعہ ۳۱ - (۱) ہر عہدہ دار کوتوالی کو جس کو کوتوال بلدہ نے اس بارے میں مجاز قرار دیا ہو اختیار ہوگا کہ کسی شخص کو جرم مذکرہ دفعہ ۶۸ قانون ہذا کی علت میں بلا حکمنامہ گرفتاری گرفتار کرے ۔

(2) Any Police officer may, on the information of any person in possession of charge of any dwelling house, private building or land or ground attached thereto, arrest without warrant any person alleged to have committed therein or thereon an offence punishable under section 59 of this Act.

Enforcement of orders issued under sections 22, 23, 24.

32. When a notification, or order in writing or public notice has been issued under sub-section (2), (3) or (4) of section 22 of this Act, or an order has been made under section 23 or 24, any Magistrate or Police officer may require any person who contravenes or is about to contravene the same, to desist or to abstain from so doing and in case of refusal or disobedience may arrest such person. Any such Magistrate or Police officer may also seize any object or article used or about to be used in contravention of the aforesaid notification, order or notice and the object or articles seized shall be



(۲)۔ کسی ایسے شخص کی اطلاع پر جس کے قبضہ یا نگرانی میں کوئی مکان سکونتی عمارت خانگی یا اراضی یا زمین ملحقہ ہو ہر عہدہ دار کوتوالی کو اختیار رہوگا کہ ایسے شخص کو بلا حکمنامہ گرفتار کرے جس کا ان مقامات میں یا ان مقامات پر جرم قابل سزا تحت دفعہ ۵۹ قانون ہذا کا مرتکب ہونا ظاہر کیا جائے۔

احکام مجریہ تحت دفعات ۲۲-۲۳-۲۴ کی نسبت عملی کارروائی۔

دفعہ ۳۲۔ جب کوئی اشتہار یا حکم تحریری یا عام اعلان دفعہ ۲۲ قانون ہذا کے ضمن ہائے (۲)۔ (۳)۔ (۴) کے بموجب جاری کیا گیا ہو یا کوئی حکم تحت دفعہ ۲۳ یا ۲۴ صادر کیا گیا ہو تو ہر ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی مجاز ہوگا کہ کسی شخص کو جو اس کی خلاف ورزی کرے یا کرنے والا ہو اس کو اس سے باز رہنے یا اجتناب کرنے کے متعلق حکم دے اور بصورت انکار یا عدول حکمی ایسے شخص کو گرفتار کرے۔ ہر ایسے ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ کوئی شئے یا سامان جو اشتہار یا حکم یا اعلان متذکرۂ بالا کی خلاف ورزی میں مستعمل ہوا ہو یا ہونے والا ہو ضبط کرے اور شئے یا سامان منضبطہ

proceeded with according to the order of the Chief City Magistrate.

## UNLAWFUL ASSEMBLY.

Requisitioning military aid to disperse assembly.

33. If on any emergency the available Police force is not sufficient to disperse an unlawful assembly or to quell a riot or any disturbance likely to disturb public peace, the Commissioner of Police, or Magistrate of the highest rank who is present at the time, may apply to the officer of highest rank of the Regular forces who may be on the spot for military aid for such purpose.

Duty of officer commanding military required to disperse assembly by Magistrate or

34. (1) When the Commissioner of Police or a Magistrate determines to disperse any unlawful assembly by military aid, he may require any commissioned or non-commissioned officer commanding a battalion of the Regular Forces,



کی نسبت ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ کے حکم کے مطابق عمل ہوگا۔

## مجمع خلاف قانون

مجمع کو منتشر کرنے کے لئے فوج کی مدد طلب کرنا۔

دفعہ ۳۳۔ اگر کسی شدید موقع پر جمعیت کوتوالی جو موجود ہو کسی مجمع خلاف قانون کو منتشر کرنے کے لئے یا کسی بلوہ یا کسی ہنگامہ کو جس سے امن عامہ میں خلل ہونے کا اندیشہ ہو دفع کرنے کے لئے ناکافی معلوم ہو تو کوتوال بلدہ یا اس سے اعلیٰ درجہ کا ناظم عدالت فوجداری جو وہاں اس وقت موجود ہو مجاز ہوگا کہ افواج باقاعدہ کے سب سے اعلیٰ درجہ کے افسر سے جو موقع پر موجود ہو اس غرض کے لئے فوجی امداد کی درخواست کرے۔

اس افسر فوج کا فرض جس کو ناظم فوجداری یا کوتوال بلدہ نے مجمع کو منتشر کرنے کے لئے حکم دیا ہو۔

دفعہ ۳۴۔(۱) جب کوتوال بلدہ یا کوئی ناظم فوجداری کسی مجمع خلاف قانون کو فوج کی مدد سے

*(Translation)*

Commissioner of Police. or the volunteer corps, to disperse such assembly by military force and to arrest and confine such persons taking part in the said assembly as the Commisioner of Police or the Magistrate may direct, or as it may be necessary to arrest and confine for the purpose of dispersing the assembly or to have them punished according to law.

(2) Every such officer shall obey such requisition in such manner as he thinks fit, but in so doing shall use as little force, and do as little injury to the life and property of persons as may be possible and as may be consistent with dispersing the assembly and arresting and detaining the persons taking part in it.



منتشر کرانے پر آمادہ ہو جائے تو اس کو اختیار ہوگا کہ کسی کمیشنڈ یا غیر کمیشنڈ افسر کو جو سرکار عالی کے افواج باقاعدہ کے کسی حصہ کا (یا جمعیت والنٹیر کا) کمانڈنگ افسر ہو۔ یہ حکم دے کہ اس مجمع کو فوجی قوت سے منتشر کرادے اور ایسے شرکاء مجمع مذکور کو گرفتار و محروس کرے جن کی نسبت کوتوال بلدہ یا ناظم فوجداری ایسا حکم دے یا جن کو مجمع کے منتشر کرنے یا سزا قانونی دلانے کی غرض سے گرفتار اور حراست میں رکھنا ضروری معلوم ہو۔

(۲) ہر ایسا عہدہ دار ایسے حکم کی تعمیل اس طرح کرے گا جیسا وہ مناسب سمجھے لیکن ایسا کرنے میں جس قدر کم تشدد کرنا اور اشخاص کے جان و مال کو جس قدر کم نقصان پہنچانا ممکن ہو اور جو مجمع کے منتشر کرنے اور شرکاء کی گرفتاری و حراست میں رکھنے کے لئے مناسب ہو عمل میں لائے گا۔

*(Translation)*

Power of Commissioned officer to disperse unlawful assembly.

35. When the public peace is manifestly endangered by any such assembly and when it is impracticable to take instructions from the Commissioner of Police or a Magistrate, any Commissioned officer may disperse such assembly by Military, and may arrest and confine any person or persons taking part in it in order to disperse the assembly or that they may be punished according to law; but if while he is acting under this section, it becomes practicable to inform the Commissioner of Police or a Magistrate, he shall do so and shall thence forward obey the instructions of the Commissioner of Police or Magistrate as to whether he shall or shall not continue such action.

Bar of prosecution for acts done under sections 33, 34, 35.

36. No prosecution against any person for any act done while acting under sections 33, 34 and 35 of this Act, or under section 27 of the Hyderabad Code of Criminal Procedure shall be instituted in any Criminal Court,



کمیشنڈ افسر کا اختیار مجمع خلاف قانون کو منتشر کرنے کی نسبت ۔

دفعہ ۳۵ ۔ جب کسی ایسے مجمع کی وجہ سے امن عامہ صریحاً خطرہ میں ہو اور اس وقت کوتوال بلدہ یا کسی ناظم فوجداری سے استہداد ناممکن ہو تو ہر کمیشنڈ افسر کو اختیار ہوگا کہ فوج کے ذریعہ ایسے مجمع کو منتشر کروائے اور بغرض انتشار مجمع یا جب قانون سزا دلوانے کے لئے کسی شریک یا شرکائے مجمع کو گرفتار و محبوس رکھے لیکن جب وہ اس دفعہ کے بموجب عمل کررہا ہو اور کوتوال بلدہ یا ناظم فوجداری کو اطلاع دینا ممکن ہوجائے تو ان کو اطلاع دے گا اور اس کے بعد کوتوال بلدہ یا ناظم فوجداری کی ان ہدایات کی تعمیل کرے گا جو اس کے عمل کو جاری رکھنے یا نہ رکھنے کے بارے میں دی جائیں ۔

ممانعت ارجاع استغاثہ ان امور کی بابت جو حسب دفعات ۳۳-۳۴ و ۳۵ کئے گئے ہوں

دفعہ ۳۶ ۔ کسی شخص کے خلاف کسی ایسے فعل کے متعلق جو دفعات ۳۳-۳۴ و ۳۵ قانون ہذا یا دفعہ ۲۷ ضابطہ فوجداری

(*Translation*)

except with the sanction of the Government ; and

سرکار عالی کے مطابق عمل کرنے میں سرزد ہوا ہو کوئی استغاثہ کسی عدالت فوجداری میں بلا منظوری سرکار عالی رجوع نہ ہوسکے گا اور نہ

(a) no Magistrate or Police officer acting in good faith,

(الف) ۔ کسی ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی کی نسبت جس نے نیک نیتی سے عمل کیا ہو ۔

(b) no officer acting under section 35 in good faith,

(ب) ۔ کسی عہدہ دار کی نسبت جس نے تحت دفعہ ۳۵ نیک نیتی سے کوئی عمل کیا ہو ۔

(c) no person doing any act in good faith on being required under section 34 of this Act or under section 27 of the Hyderabad Code of Criminal Procedure,

(ج) ۔ کسی ایسے شخص کی نسبت جس نے حسب دفعہ ۳۴ قانون ہذا یا حسب دفعہ ۲۷ ضابطہ فوجداری سرکار عالی طلب کئے جانے پر نیک نیتی سے کوئی فعل کیا ہو ۔

(d) no inferior officer, soldier or volunteer doing any act in obedience to any order which he is bound to obey, shall be deemed to have thereby committed any offence.

(د) ۔ کسی ماتحت عہدہ دار سپاہی یا والنٹیر کی نسبت جس نے کسی ایسے حکم کی تعمیل میں جس کی تعمیل اس پر واجب ہے کوئی عمل

کیا ہو یہ سمجھا جائے گا کہ ایسے عمل سے اس نے کسی جرم کا ارتکاب کیا ہے ۔

Mode of recovery of compensation for injury caused by unlawful assembly.

37. (1) The Chief City Magistrate may, with the sanction and subject to the orders of the Government which may have been issued in this behalf, and after such enquiry as he thinks necessary--

طریقہ حصول معاوضہ اس نقصان کا جو مجمع خلاف قانون سے پہونچا ہو۔

دفعہ ۳۷ ۔ (۱) بعد حصول منظوری و بمتابعت ان احکام سرکار عالی کے جو اس خصوص میں جاری کئے گئے ہوں ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ کو اختیار ہوگا کہ بعد ایسی تحقیقات کے جو وہ ضروری سمجھے ۔

(a) determine the amount of compensation which, in his opinion, becomes payable to any person or persons in respect of any loss or damage caused to any property by any act connected with the common object of the unlawful assembly or in respect of death or grievous hurt caused to any person or persons by such act; and

(الف) ۔ اس معاوضہ کی رقم کا تعین کرے جو اس کی رائے میں کسی شخص یا اشخاص کو ایسے نقصان یا صدمہ کی بابت جو کسی جائداد کو مجمع خلاف قانون کی مشترکہ غرض کی تکمیل کے ضمن میں کسی فعل سے پہونچا ہو یا کسی شخص یا اشخاص کی ہلاکت یا ضرر شدید کی بابت جس کا فعل مذکور باعث ہوا ہو قابل ادائی قرار پائے اور

(b) require the Municipal Commissioner to recover such amounts by an addition to the genaral tax which shall be imposed and levied in those municipal wards or sub-wards or sections.

(ب) - ناظم بلدیہ کے نام حکم دے کہ ایسی رقوم کو ان عام محصولات میں اضافہ کرکے وصول کیا جائے جو ان رقبہ جات صفائی یا ذیلی رقبہ جات یا حصہ جات پر عائد اور ان سے وصول کی جاتی ہیں۔

Exemption from payment of compensation.

(2) On the recommendation of the Chief City Magistrate the Government may, by order, exempt any person or persons from the payment of a portion of such compensation.

ادائی معاوضہ سے استثناء - (۲) - ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ کی تحریک پر سرکار عالی مجاز ہوگی کہ کسی شخص یا اشخاص کو ایسے معاوضہ کے جزو کی ادائی سے ذریعہ حکم مستثنیٰ قرار دے۔

(3) No compensation shall be awarded under this section unless a claim therefor is made within one month from the date of the loss or damage or death or grievous hurt and unless the Chief City Magistrate is satisfied that the person claiming, or where such claim is in respect of the death of any per-

(۳) - دفعہ ہذا کے تحت کوئی معاوضہ نہیں دیا جائے گا بجز اس کے کہ نقصان یا صدمہ یا ہلاکت یا ضرر شدید کے وقوع سے ایک ماہ کے اندر ایسا مطالبہ پیش کیا جائے اور تاوقتیکہ ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ کو اس امر کا اطمینان نہ ہو جائے کہ خود مطالبہ کنندہ یا جبکہ مطالبہ کسی شخص کی موت کی بابت ہو خود وہ شخص بھی ان واقعات

son; that person also had been free from blame in connection with the occurances which lead to the aforesaid loss, damage, death or grievous hurt.

سے متعلق کسی الزام سے مبرا ہے۔ جو مذکورہ بالا نقصان یا صدمہ یا ہلاکت یا ضرر شدید کا باعث ہوئے۔

(4) No suit shall be instituted in any Civil Court in respect of any loss or damage for which compensation has been awarded under this section.

(۴)۔ کسی ایسے ہرجہ یا نقصان کے متعلق جس کا معاوضہ تحت دفعہ ہذا تجویز کیا گیا ہو عدالت دیوانی میں کوئی نالش دائر نہ ہو سکے گی۔

Recovery of amount through Municipal Commissioner.

38. (1) The addition in the general tax imposed under the proceeding section shall be recovered by the Municipal Commissioner from the persons liable therefor in the same manner as the general taxes are recovered.

وصول رقم ذریعہ ناظم بلدیہ۔ **دفعہ ۳۸**۔ (۱) عام محصولات پر حسب دفعہ مذکورہ بالا جو اضافہ عائد کیا جائے اس کو ناظم بلدیہ اشخاص مستوجب ادائی سے اسی طرح وصول کرے گا جس طرح سے کہ عام محصولات مقامی وصول کئے جاتے ہوں۔

(2) The provision of section III of the Municipal Corporation Act shall apply to any such addition as if it were part of the general tax levied under the said Act.

(۲)۔ احکام مندرجہ دفعہ ۱۱۱ قانون بلدیہ بابتہ ۱۳۴۲ف ایسے اضافہ سے اس طرح متعلق ہوں گے کہ گویا ایسا اضافہ جزو عام محصولات عائد کردہ تحت قانون مذکور ہے۔

(*Translation*)

## UNCLAIMED PROPERTY

39. (1) The Police shall take temporary charge of the following property :—

Police to take charge of unclaimed property.

(a) all unclaimed property found by or made over to them ; and

(b) all property found lying in any street, if the owner or person in charge of such property, on being directed, refuses or fails to remove the same from the street;

(2) Every property of which the Police have taken charge under sub-section (1) shall be produced before the Commissioner of Police.



## جائداد غیر متدعویہ

جائداد غیر متدعویہ کو کوتوالی کی تحویل میں لینے کی نسبت۔

دفعہ ۳۹ - (۱)۔ کوتوالی کو لازم ہوگا کہ متذکرۂ ذیل جائداد کو عارضی طور پر تحویل میں لے:۔

(الف)۔ کل جائداد غیر متدعویہ جو اُس کو ملے یا جو اُس کے حوالہ کی جائے۔ اور

(ب)۔ کل وہ جائداد جو کسی شارع عام پر پڑی ہوئی نظر آئے۔ اگر مالک یا قابض جس کے تحویل میں وہ جائداد ہو حکم دینے پر اس شارع عام پر سے نکالنے سے انکار کرے یا قاصر رہے۔

(۲) ہر جائداد جس کو کوتوالی حسب ضمن (۱) اپنی تحویل میں لے لیا ہو کوتوال بلدہ کے پاس پیش کیا جائے گا۔

*(Translation)*

**Commissioner of Police to issue proclamation.**

40. (1) The Commissioner of Police shall issue a proclamation with the particulars of the property requiring any person who may have a claim in respect of such property to appear before the Commissioner of Police or any other officer whom he appoints for the purpose within six months fron the date of the proclamation and submit his claim.

**کوتوال بلدہ اشتہار جاری کریگا۔**

دفعہ ۴۰ ۔ (۱) کوتوال بلدہ کو لازم ہوگا کہ ایک اشتہار مع تفصیل جائداد اس مضمون کا جاری کرے کہ اگر کسی شخص کو اس جائداد کی نسبت کوئی دعوی ہو تو اشتہار کی تاریخ سے چھ مہینے کے اندر حاضر ہوکر کوتوال بلدہ یا یا اورکسی عہدہ دار کے روبرو جس کو کوتوال بلدہ اس کام کے لئے مقرر کرے عذر داری پیش کرے۔

**Immediate sale of perishable property.**

(2) If such property or any part thereof is subject to speedy decay or consists of live-stock and animals or if the value of such property is less than five rupees, it may be forthwith sold by auction under the orders of the Commissioner of Police and the proceeds of sale shall be dealt within the same manner as is hereinafter provided for the disposal of the said property.

**جلد خراب ہونے والی جائداد کا فوری نیلام۔**

(۲) اگر جائداد مذکور یا اس کا کوئی جزو جلد خراب ہونے والا ہے یا خانگی مویشیوں اور حیوانات سے متعلق ہے یا اگر جائداد مذکورہ پانچ روپیہ سے کم مالیت کی ہے تو وہ حسب احکام کوتوال بلدہ فوراً بذریعہ نیلام فروخت کی جاسکے گی اور زر نیلام کی نسبت اسی طرح کارروائی عمل میں آئے گی جیسے کہ جائداد مذکورہ کے تصرف کے بارے میں مابعد احکام دیئے گئے ہیں۔

41. (1) If the Commissioner of

**شخص مستحق کو جائداد حوالہ کی جائیگی۔**

دفعہ ۴۱ ۔ (۱) اگر

**Property to be delivered to person entitled.**

Police is of opinion that the claimant of any seized property is entitled to the said property, he shall order the same to be delivered to him after deducting or payment of the expenses incurred in the seizure and detention thereof.

کوتوال بلدہ کی یہ رائے ہو کہ مال منضبطہ کا عذردار جائداد مذکورہ کا مستحق ہے تو کوتوال بلدہ حکم دیگا کہ اخراجات جو جائداد مذکورہ کے قبضہ میں لینے اور رکھنے سے عائد ہوئے ہوں ان کی منہائی یا ادائی کے بعد بقیہ رقم یا جائداد عذر دار کے حوالہ کر دی جائے۔

**Power to take security**

(2) The Commissioner of Police may, at his discretion, before the issue of an order under sub-section (1) demand reasonable security from the person to whom the said property is to be delivered, and the foregoing provisions shall not affect the right of any person to recover the whole property or any part thereof, from the person to whom such property has been delivered pursuant to such order.

**ضمانت لینے کا اختیار۔** (۲) کوتوال بلدہ قبل اجرائی حکم حسب ضمن (۱) اپنی صوابدید سے ایسے شخص سے جس کو جائداد مذکورہ حوالہ کی جانے والی ہو مناسب ضمانت طلب کر سکتا ہے۔ نیز احکام ماقبل کسی شخص کے اس حق پر موثر نہ ہوں گے کہ وہ کل جائداد یا اس کا کوئی جزو ایسے شخص سے حاصل کرے جس کو بہ تعمیل حکم مذکور ایسی جائداد حوالہ کی گئی ہو۔

**Property to be at the disposal of Government in case no claim or**

(3) If no person establishes his right within the prescribed time, such property shall be at the disposal of the Government and the said property or part thereof which has not

**دعوئی عذرداری ثابت نہ ہونے کی صورت میں جائداد سرکار عالی کے تصرف میں آجائے گی۔**

(۳) اگر کوئی شخص میعاد مقررہ کے اندر اپنا حق ثابت

*objection is filed.*

been sold under sub-section (2) of section 40 may be sold by auction under the orders of the Commissioner of Police.

نہ کرنے تو وہ جائداد لائق تصرف سرکار عالی ہوگی اور جائداد مذکورہ یا اس کا جزو جو دفعہ ۴۰ ضمن (۲) کے تحت فروخت کیا گیا ہو حسب احکام کوتوال بلدہ بذریعہ نیلام فروخت کیا جاسکے گا۔

## CATTLE POUNDS.

## کٹکر جانوران سرکاری

*Power to establish pounds for cattle and to appoint keeper.*

42. (1) The Commissioner of Police shall from time to time appoint such places as he thinks fit to be cattle pounds, and a Police officer of such rank shall be appointed as pound keeper as the Government may approve.

*جانوران سرکاری کے لئے کٹکر کی تیاری اور نگران کار کے تقرر کا اختیار۔*

دفعہ ۴۲ ۔ (۱) کوتوال بلدہ وقتاً فوقتاً ایسے مقامات کو جو وہ مناسب سمجھے بطور کٹکر مویشی مقرر کریگا۔ اور ایسے درجہ کا عہدہ دار کوتوالی بطور نگران کار کٹکر مقرر کیا جائے گا جس کو سرکار عالی نے منظور کیا ہو۔

(2) Every pound-keeper so appointed shall discharge his duties subject to the orders of the Commissioner of Police.

(۲) ہر ایسا نگران کار کٹکر جو اس طرح مقرر کیا جائے اپنے فرائض منصبی کو متابعت احکام کوتوال بلدہ انجام دے گا۔

*(Translation)*

43. It shall be the duty of every Police officer, and shall be lawful for any other person, to seize and impound in any Government pound any cattle found straying in any street or tresspassing upon any private or Government property within the Hyderabad City Police limits.

Impounding of cattle.

44. (1) If the owner of the impounded cattle or his agent appears and claims delivery of such cattle, the pound-keeper shall deliver the said cattle to him on payment of the pound fees and the actual expenses in respect of such cattle fixed under sub-section (4).

Delivery of cattle.

(2) If, within ten days from the date of impounding any animal, no



مویشی کو کانجی ہاؤس میں داخل کرنا۔

دفعہ ۴۳۔ ہر عہدہ دار کوتوالی کا یہ فرض ہوگا نیز شخص غیر بھی اس امر کا مجاز ہوگا کہ کسی ایسے مویشی کو جو شارع عام میں آوارہ پایا جائے یا حدود کوتوالی بلدہ حیدرآباد میں کسی خانگی یا سرکاری جائداد میں بیجا طور پر داخل ہوتا ہوا پایا جائے تو اس کو پکڑے اور کسی کانجی ہاؤس سرکاری میں داخل کرے۔

واپسی جانوران حیکاری۔

دفعہ ۴۴۔ (۱) اگر مالک مویشی داخل شدہ کانجی ہاؤس یا اُس کا کارندہ حاضر ہو کر ایسے مویشی کا مطالبہ کرے تو نگران کانجی ہاؤس کو لازم ہوگا کہ اُس شخص سے اخراجات حقیقی خرچ کانجی ہاؤس متعلقہ مویشی مذکور جو حسب ضمن (۴) مقرر کیا گیا ہے ادا کئے جانے پر مویشی مذکور اس کے حوالہ کرے۔

(۲)۔ اگر کسی جانور کو کانجی ہاؤس میں داخل

(*Translation*)

person who is the owner of such animal appears and pays the fees and expenses specified in sub-section (4), such cattle shall be forthwith sold by auction, and the surplus remaining after deducting the fees and expenses aforesaid from the proceeds of the sale, shall be paid to any person who, within fifteen days from the date of sale, appears before the officer appointed by the Commissioner of Police for this purpose and proves to his satisfaction that he is the owner of the said animal. In other cases such proceeds of sale shall be appropriated by the Government.

کرنے کی تاریخ سے دس یوم کے اندر کوئی شخص جو ایسے جانور کا مالک ہو حاضر ہوکر جرمانہ واخراجات مصرحہ ضمن (۴) ادا نہ کرے تو ایسا مویشی بلاتاخیر نیلام کیا جائے گا اور زرثمن سے بعد وضع جرمانہ واخراجات مصرحہ بالا لبقیہ زرثمن ایسے شخص کو ادا کیا جائے گا جو تاریخ نیلام سے پندرہ یوم کے اندر اس عہدہ دار کے روبرو جو اس غرض کے لئے کوتوال بلدہ نے مقرر کیا ہو حاضر ہوکر قابل اطمینان طریقہ پر اپنے کو جانور مذکور کا مالک ثابت کرے۔ دوسری صورتوں میں ایسا زرثمن لائق تصرف سرکار عالی ہوگا۔

(3) No Police officer or pound-keeper shall directly or indirectly purchase any cattle at a sale under sub-section (2).

(۳)۔ کوئی عہدہ دار کوتوالی یا نگراں کار نگر مجاز نہ ہوگا کہ کسی نیلام میں جو حسب ضمن (۲) کیا جارہا ہو کسی مویشی کو بواسطہ یا بلاواسطہ خریدے۔

*(Translation)*

*[(4) (a) Fines in respect of the following cattle impounded in accordance with the foregoing provisions shall be levied at the rates shown against each of them namely :—

| Names of Cattle | Rate of fine per head |
|---|---|
| (1) Elephant and its young ... | Fifteen rupees. |
| (2) Camel and its young ... | Seven rupees, eight annas. |
| (3) Horse and its young ... | Three rupees. |
| (4) He-buffalo, she-buffalo and its young ... | Two rupees, eight annas. |

*Substituted by Act No. VIII of 1956.

*(Translation)*

| | |
|---|---|
| (5) Bullock, cow and the young of cow ... | Two rupees. |
| (6) Pony, gelding or mule ... | Two rupees. |
| (7) Ass, pig and their young... | One rupee, eight annas. |
| (8) Goat, sheep, ram and their young ... | One rupee. |

Provided that the Government may, when satisfied that in any particular area cattle are allowed to go at large by their owners with intent to cause damage to the crops, by notification in the Official Gazette direct that in such area the fine shall be levied at double the rate specified above. Government may also, at any time, by a like notification modify or cancel the said notification.]

(b) The pound fees and expenses chargeable shall be at such rates for each day including any part of a day as may be fixed by the Commissioner of Police.

(ب) ۔ اخراجات لنگر جو عائد کئے جا سکتے ہوں حسب شرح مقرر کردہ کوتوال بلدہ بحساب فی یوم جس میں دن کا کوئی حصہ بھی داخل ہوگا وصول کئے جا سکیں گے ۔

## WEIGHTS AND MEASURES

## اوزان وپیمانہ جات

Powers to inspect and seize false weights and measures.

45. (1) Any Police officer generally or specially deputed for the purpose by the Commissioner of Police may without warrant enter any shop or premises for the purpose of inspecting or searching for any weights or measures or instruments weighing and measuring used or kept in such shop or premises.

چھوٹے اوزان وپیمانہ جات کی تنقیح اور ضبطی وغیرہ کے اختیارات ۔

دفعہ ۴۵ ۔ (۱) ہر عہدہ دار کوتوالی جو عام یا خاص طور پر اس غرض کے لئے کوتوال بلدہ کی جانب سے مقرر کیا گیا ہو ایسے اوزان و پیمانہ جات یا آلات وزن کشی وناپ کی تنقیح وتلاش کی غرض سے جو دوکان یا احاطہ میں مستعمل ہوتے یا رکھے ہوں بلا حکمنامہ ایسی دکان یا احاطہ میں داخل ہو سکے گا ۔

(2) If he finds in such shop or premises weights, measures or instruments for weighing or measuring which he has sufficient reason to believe to be false, he may seize the same and shall forthwith give information of

(۲) ۔ اگر ایسی دوکان یا احاطہ میں اس کو ایسے اوزان یا پیمانہ جات یا آلات وزن کشی یا ناپ مل جائیں جن کے متعلق

*(Translation)*

such seizure to the Magistrate having jurisdiction. If such weights or measures or instruments shall be proved before the Magistrate to be false, they shall be destroyed.

یہ باور کرنے کی کافی وجہ ہو کہ وہ جھوٹے ہیں تو وہ ان کو ضبط کر سکے گا۔ اور بلا تاخیر ناظم فوجداری کو جو مجاز سماعت ہو ایسی ضبطی کی اطلاع دے گا۔ اگر ناظم فوجداری کے پاس ایسے اوزان یا پیمانہ جات یا آلات جھوٹے ثابت ہوں تو وہ تلف کئے جائیں گے

(3) Weights and measures purporting to be of the same denomination and standard as weights and measures prescribed by the Government under the Weights and Measures Act No. 1 of 1317 Fasli, if they do not really correspond with those weights and measures, shall be deemed to be false weights and measures for the purposes of this section.

(۳)۔ ایسے اوزان و پیمانہ جات جن سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ وہ ان اوزان و پیمانہ جات کے ہم وزن معیار ہیں جن کو سرکار عالی نے بموجب قانون اوزان و پیمانہ جات نشان (۱) سنہ ۱۳۱۷ف مقرر کیا ہے۔ اگر وہ فی الحقیقت ان اوزان و پیمانہ جات کے مطابق نہ ہوں تو دفعہ ہذا کی اغراض کے لئے جھوٹے اوزان و پیمانہ جات متصور ہوں گے۔

*(Translation)*

## POWERS OF SUPERIOR OFFICERS.

Superior officer may perform duties imposed on subordinate officer.

46. Every Police officer of rank superior to that of a Constable may perform any duty assigned by any law or by a lawful order to any officer subordinate to him and where any duty has been imposed on any subordinate, every superior officer, when it shall appear to him necessary, may aid such subordinate or supplement his duties or may issue any other order in supersession of his order or may prevent him in the performance of his duties whenever it shall appear to him necessary or expedient so to do for giving convenient effect to the law or for avoiding an infringement thereof.

## MAGISTERIAL POWERS OF COMMISSIONER AND DEPUTY COMMISSIONER OF POLICE.

47. (1) The Commissioner of



## اختیارات عہدہ داران اعلیٰ

عہدہ داراعلیٰ اُن فرائض کو جو ماتحت عہدہ دار پر عائد کئے گئے ہوں انجام دیسکتا ہے وغیرہ

دفعہ ۴۶ - ہر عہدہ دار کوتوالی جس کا درجہ جوان سے بالاتر ہو۔ ہر ایسے فرض کو انجام دے سکیگا جو کسی قانون یا حکم جائز کے ذریعہ اس کے کسی ماتحت عہدہ دار کے تفویض کیا گیا ہو اور جب کسی ماتحت پر کوئی فرض عاید کیا گیا ہو تو ہر عہدہ دار بالاتر جب اس کو ضرورت معلوم ہو تو ایسے ماتحت کی امداد کرسکیگا یا اس کے فرائض کی تکمیل کرسکیگا یا بہ تنسیخ اس کے حکم کے کوئی دوسرا حکم دے سکیگا۔ یا اس کو اپنے فرائض کی انجام دہی سے باز رکھ سکیگا جب کبھی اس کو اس طرح عمل کرنا قانون کی خلاف ورزی کے روکنے یا قانون کی تعمیل میں سہولت پیدا کرنے کے لئے ضروری یا قرین مصلحت معلوم ہو

## کوتوال بلدہ و نائب کوتوال بلدہ کے اختیارات نظامت فوجداری

اعلیٰ عہدہ داران کوتوالی کے عدالتی اختیارات

دفعہ ۴۷ (۱) کوتوال بلدہ کو باعتبار اپنے عہدہ

*(Translation)*

Judicial powers of superior Police officers.

Police by virtue of his office, and any Deputy Commissioner of Police specially empowered in this behalf by the Government, shall have all the powers of a District Magistrate under sections 86, 87, 90 and 91 of The Hyderabad Code of Criminal Procedure.

(2) The powers specified above may be exercised for the purposes of any investigation or any other proceeding under this Act or the Code of Criminal Procedure.

## CHAPTER V

## PROCEDURE.

Special powers of Commissioner of Police to summon witnesses and record their statement.

48. (1) If in the course of investigation the Commissioner Police has reason to believe that a conizable offence has been committed, he may require the attendance before himself or any officer subordinate to him who is investigating a cognizable offence, of any person who resides within the Hyderabad City Police limits or within 30 miles of such limits, who from the information received or otherwise appears to be acquainted with the facts and circumstances of the case, and such person shall attend as so required.



کے اور اگر سرکار عالی اس خصوص میں کسی نائب
کوتوال کو بطور خاص اختیارات عطا کرے تو
اس کو بھی جملہ اقتدارات (ناظم ضلع) تحت دفعات
۸۶-۸۷-۹۰ و ۹۱ ضابطہ فوجداری سرکار
عالی حاصل ہوں گے۔

(۲) اختیارات مصرحہ بالا تفتیش یا کوئی
اور کارروائی تحت قانون ہذا یا ضابطہ فوجداری
کے اغراض کے لئے مستعمل ہو سکیں گے۔

## باب پنجم

## ضابطہ کارروائی

گواہوں کی طلبی اور ان کے بیانات قلمبند کرنے کی نسبت کوتوال بلدہ کے خاص اختیارات

دفعہ ۴۸ (۱) اگر بحین تفتیش.. کوتوال بلدہ کو اس
امر کے باور کرنے کی وجہ ہو کہ کوئی جرم قابل دست
اندازی پولیس سرزد ہوا ہے تو اس کو اختیار
ہوگا کہ کسی ایسے شخص کو جو حدود کوتوالی بلدہ حیدرآباد
یا اس کے حدود سے اندرون (۳۰) میل رہتا ہو
اور جس کے متعلق بربنائے اطلاع وصول شدہ یا بطور دیگر یہ معلوم ہو
کہ وہ حالات اور واقعات مقدمہ سے

( *Translation* )

واقف ہے تو اپنے یا اپنے کسی ماتحت عہدہ دار
کے روبرو جو کسی جرم قابل دست اندازی
کوتوالی کی تفتیش کر رہا ہو حاضر ہونے کا حکم دے
اور اس شخص پر جو اس طرح طلب کیا جائے
حاضر ہونا لازم ہوگا۔

The provisions of section 165 of the Code of Criminal Procedure shall also apply to the person so attending.

احکام مندرجہ دفعہ ۱۶۵ ضابطہ فوجداری
ایسے حاضر شدہ شخص سے بھی متعلق ہوں گے۔

(2) In any case the Commissioner of police may forward in writing to the Superintendent of Police of the district within the limits of which any person from whom any information is required to be obtained relating to the facts and circumstances of the case under investigation, is believed to be, such questions and facts as may be necessary for obtaining the information required, and on receipt thereof, the Superintendent of Police shall examine such person and shall record his statement in the same manner and subject to the same provisions as if such Superintendent of Police were investigating such offence in his district, and shall forward the statement recorded to the Commissioner of Police.

(۲) کسی مقدمہ میں کوتوال بلدہ کو اختیار ہوگا
کہ کسی ایسے ضلع کے مہتمم کوتوالی کو جس کے حدود کے
اندر کسی ایسے شخص کا رہنا باور کیا جاتا ہو جس سے
کوئی اطلاع متعلقہ حالات و واقعات مقدمہ
زیر تفتیش حاصل کرنا مطلوب ہو تو ایسے سوالات
و واقعات لکھ کر روانہ کرے جو اطلاع مطلوبہ
حاصل کرنے کے لئے ضروری ہوں اور اس کے
وصول ہونے پر مہتمم کوتوالی پر لازم ہوگا کہ ایسے
شخص کا بیان لے اور اس کے بیان کو اسی
طریقہ سے اور باتباع انہی احکام کے قلمبند کرے
گو یا وہ مہتمم اس جرم کی تفتیش اپنے ضلع میں

کررہا ہو اور بیان قلمبند شدہ کو کوتوال بلدہ کے پاس روانہ کردے۔

**Powers to search for persons confined.**

49. If the Commissioner of Police has reason to believe that any person is confined or detained under such circumstances that such confinement or detention constitutes an offence, he may issue a search warrant; and the person to whom the search warrant is directed may search for the person specified in the warrant in accordance with such directions as may be given therein, and the person, if found, shall be immediately brought before the Chief City Magistrate, who shall, having regard to the circumstances of the case, make suitable order.

**اشخاص محبوس کی تلاش کے اختیارات۔**

**دفعہ ۴۹** — اگر کوتوال بلدہ کو یہ باور کرنے کی وجہ ہو کہ کوئی شخص ایسے حالات میں محبوس کیا گیا یا روک رکھا گیا ہے کہ ایسا حبس یا روک رکھنا جرم بنتا ہے تو اس کو اختیار ہوگا کہ حکم نامہ تلاشی جاری کرے اور وہ شخص جس کے نام حکم نامہ تلاشی جاری کیا گیا ہو ان ہدایات کے موافق جو ضمن حکم نامہ میں درج ہوں اس شخص کی تلاشی عمل میں لائیگا جس کی صراحت حکم نامہ میں کی گئی ہو اور ایسا شخص اگر پایا جائے تو فوراً ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ کے روبرو لایا جائے گا جو بنظر حالات مقدمہ حکم مناسب صادر کرسکے گا۔

50. (1) When an investigation is

**ماتحت عہدہ دار کوتوالی کی جانب سے تفتیشی رپورٹ۔**

**دفعہ ۵۰** — (۱) اگر کوئی تفتیش تحت قانون ہذا کسی ایسے عہدہ دار سے کی جو

(*Translation*)

Report of investigation by subordinate Police officer.

made under this Act by an officer subordinate to an officer in charge of a section, he shall report either orally or in writing the result of such investigation to the officer in charge of the section.

جو عہدہ دار منتظم سمت کا ماتحت ہو تو اس کو لازم ہوگا کہ ایسی تفتیش کے نتیجہ کی زبانی یا تحریری رپورٹ عہدہ دار منتظم سمت کو دے ۔

(2) The substance of such report shall be entered in a book which shall be maintained under the direction of the officer to whom the report is made.

(۲) ایسی رپورٹ کا خلاصہ ایک کتاب میں درج کیا جائے گا جو اس عہدہ دار کے زیر ہدایت ترتیب دی جائے گی جس کو کہ ایسی رپورٹ دی جائے ۔

Powers to take in custody offensive weapons.

51. Every Police officer or other person making an arrest may take in his custody any offensive weapons and arms which may be found about the person of the person arrested and deliver the weapons and arms so taken, to the Court or officer before which or whom the person arrested is required to be produced.

آلات ضرر رساں کو تحویل میں لینے کے اختیارات ۔

دفعہ ۵۱ ۔ ہر عہدہ دار کوتوالی یا دیگر شخص گرفتار کنندہ مجاز ہوگا کہ شخص گرفتار شدہ کے جسم پر جو آلات و ہتیار ضرر رساں پائے جائیں ان کو اپنی تحویل میں لے اور اس طرح لئے ہوئے آلات و ہتیار کو اس عدالت یا عہدہ دار کے حوالے جس کے روبرو شخص گرفتار شدہ کو پیش کرنا لازمی ہے

Release of person arrested.

52. If it appears to the officer-in-charge of the section that—

(a) there are no sufficient reasons for believing that the person

شخص گرفتار شدہ کب رہا کیا جائے گا ۔

دفعہ ۵۲ ۔ عہدہ دار منتظم سمت کو اگر یہ معلوم ہو جائے کہ (الف) اس امر کے باور کرنے کے لئے کافی وجوہ

(*Translation*)

brought before him has committed an offence, he shall record his reasons and forthwith discharge him;

موجود نہیں ہیں کہ اس شخص نے جو اس کے روبرو پیش کیا گیا ہو کسی جرم کا ارتکاب کیا ہے تو وہ بہ قلمبندی وجوہ اس کو بلا تاخیر رہا کر دے گا۔

(b) there are sufficient reasons for believing that such person has committed an offence, but there are no sufficient reasons for believing that he has committed a cognizable offence, he shall forthwith produce him before the Commissioner of Police, along with a report containing the reasons and shall proceed in accordance with the directions of the Commissioner of Police;

(ب) اس امر کے باور کرنے کے کافی وجوہ موجود ہیں کہ اس شخص نے کسی جرم کا ارتکاب کیا ہے لیکن اس امر کے باور کرنے کے کافی وجوہ نہیں ہیں کہ اس نے کسی جرم قابل دست اندازی کا ارتکاب کیا ہے تو وہ بہ قلمبندی وجوہ رپورٹ کے ساتھ بلا تاخیر اس کو کوتوال بلدہ کے پاس پیش کرے گا اور حسب حکم کوتوال بلدہ عمل کرے گا۔

(c) there are sufficient reasons for believing that the person brought before him has committed a cognizable offence, he shall, if such person was arrested under section 43 of the Code of Criminal Procedure, re-arrest him and shall either himself investigate, or direct some officer subordinate to him to investigate, the facts and circumstances of the case.

(ج) اس امر کے باور کرنے کے لئے کافی موجوہ موجود ہیں کہ وہ شخص جو اس کے روبرو حاضر کیا گیا ہے کسی جرم قابل دست اندازی کا مرتکب ہوا ہے بصورت اس کے کہ ایسا شخص تحت دفعہ ۴۳ ضابطہ فوجداری گرفتار کیا گیا ہو اس کو مکرر گرفتار کرے گا اور حالات و واقعات مقدمہ کی خود تفتیش کرے گا یا اپنے کسی ماتحت عہدہ دار کو تفتیش کا حکم دے گا۔

(*Translation*)

Execution of warrant received for execution from outside the City limits.

53. The Commissioner of Police shall endorse his name on the the reverse of any warrant forwarded to him by any Court outside the Hyderabad City Police limits and shall, if practicable, cause it to be executed in the prescribed manner in the Hyderabad City Police limits.

اس حکم نامہ کی تعمیل جو بیرون حدود بلدہ سے تعمیل کے لئے وصول ہوا ہو۔

دفعہ ۵۳ کوتوال بلدہ ہر ایسے حکم نامہ کے ظہر پر اپنا نام تحریر کریگا جو اس کے پاس کسی عدالت موقوعہ بیرون حدود کوتوالی بلدۂ حیدرآباد سے روانہ کیا ہو اور اگر ممکن ہو تو عدالت کوتوالی بلدۂ حیدرآباد میں حسب طریقہ مقررہ اس کی تعمیل کرائے گا۔

Warrant directed to Police officer for execution outside the jurisdiction.

54. (1) When any Court outside the City Police limits sends a warrant to any Police officer to be executed within the City Police limits, such Police officer shall ordinarily take such warrant for endoresement to a Police officer not below the rank of Inspector within whose section the warrant is to be executed.

حکم نامہ جو حدود اراضی کے باہر تعمیل کے لئے عہدہ دار کوتوالی کے نام لکھا جائے

دفعہ ۵۴ (۱) جب کوئی عدالت موقوعہ بیرون حدود کوتوالی بلدہ کوئی حکم نامہ کسی عہدہ دار کوتوالی کو حدود بلدۂ حیدرآباد میں تعمیل کے لئے دے تو وہ عہدہ دار کوتوالی عموماً اس حکم نامہ کو عبارت ظہری تحریر کرانے کے لئے ایسے عہدہ دار کوتوالی کے پاس لے جائے گا جس کا درجہ صدر امین سے کم نہ ہو اور جس کی سمت میں حکم نامہ کی تعمیل ہونی مقصود ہو۔

(2) Such Police officer shall endorse his name on the reverse of

(۲) ایسا عہدہ دار کوتوالی حکم نامہ کے ظہر پر اپنا

*(Translation)*

the warrant and such endorsement shall be deemed sufficient authority to the Police officer to whom the warrant is directed to execute the same within the said limits, and the local Police shall, if so required, assist such officer in executing such warrant :

Provided that whenever there is sufficient reason to believe that the delay caused in obtaining such endorsement will prevent the execution of the warrant, the Police officer to whom it is directed may execute the same without such endorsement.

Person arrested to be brought before Criminal Court or Commissioner of Police.

55. Any person arrested within the City Police limits under sections 53 and 54 of this Act, shall, unless security is taken from him under the Code of Criminal Procedure, be produced before a city Magistrate or the Commissioner of Police.



نام لکھے گا اور ایسی تحریر ظہری اس عہدہ دار کوتوالی کے لئے جس کے نام حکم نامہ ہو حدود مذکور میں تعمیل کا مجاز کرنے کے لئے کافی سمجھی جائے گی اور اس مقام کے اہلیان کوتوالی کو لازم ہوگا کہ اگر ان سے درخواست کی جائے تو حکم نامہ مذکور کی تعمیل میں عہدہ دار مذکور کو مدد دیں۔ لیکن جب کبھی اس امر کے باور کرنے کی معقول وجہ ہو کہ ایسی عبارت ظہری حاصل کرنے میں اس قدر توقف ہوگا جس سے اس حکم نامہ کی تعمیل نہ ہوسکے گی تو وہ عہدہ دار کوتوالی جس کے نام حکم نامہ جاری ہوا ہو مجاز رہے گا کہ عبارت ظہری لکھانے کے بغیر اس حکم نامہ کی تعمیل کرے۔

شخص گرفتار شدہ عدالت فوجداری میں یا کوتوال بلدہ کے پاس پیش کیا جائے گا۔

**دفعہ ۵۵**۔ ہر شخص کو جس کی گرفتاری حدود کوتوالی بلدہ میں حسب دفعات ۵۳ و ۵۴ قانون ہذا عمل میں آئی ہو بجز اس صورت کے کہ اس سے حسب ضابطہ فوجداری ضمانت لی گئی ہو کسی ناظم عدالت فوجداری بلدہ یا کوتوال بلدہ کے روبرو پیش کیا جائے گا۔

*(Translation)*

When bail or bond may be taken from person arrested.

56. (1) If it appears to such City Magistrate or the Commissioner of Police that the person arrested is the person for whose arrest the Court had issued the warrant, he shall direct his removal in custody to the Court which issued the warrant :

Provided that if the offence is bailable and such person is ready and willing to execute a bond to the satisfaction of the City Magistrate or the Commissioner of Police or to give security in persuance of any direction endorsed on the warrant by the Court which issued the same, the City Magistrate or the Commissioner of Police shall take such bond or security, as the case may be, and shall forward the bond or security to the Court which issued the warrant.

## SEARCH WARRANTS

Disposal of articles discovered in the execution of search

57. When in the execution of a search warrant issued by a Court outside the City Police limits any articles for which search is made are found within the City



شخص گرفتار شدہ سے کب ضمانت یا مچلکہ لیا جا سکے گا۔

دفعہ ۵۶۔ (۱)۔ اگر ناظم عدالت فوجداری بلدہ یا کوتوال بلدہ کو یہ معلوم ہو کہ شخص گرفتار شدہ وہی شخص ہے جس کی گرفتاری کے لئے عدالت نے حکم نامہ جاری کیا تھا تو اس کو عدالت جاری کنندہ حکمنامہ گرفتاری میں زیر حراست بھیجنے کا حکم دے گا۔ لیکن اگر جرم قابل ضمانت ہو اور وہ شخص ناظم عدالت فوجداری بلدہ یا کوتوال بلدہ کے قابل اطمینان مچلکہ دینے یا حسب ہدایت عدالت اجرا کنندہ حکمنامہ گرفتاری بموجب عبارت ظہری مندرجۂ حکمنامۂ مذکور ضمانت داخل کرنے پر آمادہ و راضی ہو تو ناظم عدالت فوجداری بلدہ یا کوتوال بلدہ ایسا مچلکہ یا ضمانت (جیسی کہ صورت ہو) اس سے لیگا اور اس مچلکہ یا ضمانت نامہ کو عدالت جاری کنندہ حکمنامہ گرفتاری کے پاس بھیجدیگا۔

## حکمنامہ جات تلاشی

عدالت موقوعہ بیرون حدود کوتوالی بلدہ کے مجریہ حکمنامہ تلاشی کی تعمیل میں جو اشیا برآمد ہوں ان کی نسبت کارروائی۔

دفعہ ۵۷۔ حکمنامہ تلاشی



26

(*Translation*)

warrant issued by a court outside the City Police limits.

Police limits, such articles together with the list of the same shall be produced before a City Magistrate or the Commissioner of Police, and such Magistrate or the Commissioner of Police shall, unless there is good reason to the contrary make an order for such articles to be taken to the Court which issued the search warrant.

58. The Commissioner of Police may, if he thinks fit, retain in his custody any document or article found or produced before him and in respect of which there is sufficient reason to believe that it relates to a matter under investigation or that an offence has been committed.

Power to seize documents or articles produced.



مجریہ عدالت ہو تو عہ بیرون حدود بلدۂ حیدرآباد کی تعمیل میں کوئی ایسی اشیاء جن کے لئے تلاشی عمل میں لائی گئی ہو حدود کوتوالی بلدہ میں پائی جائیں تو ایسی اشیاء معہ فہرست کسی ناظم عدالت فوجداری بلدہ یا کوتوال بلدہ کے روبرو پیش کی جائیں گی اور ناظم عدالت فوجداری یا کوتوال بلدہ کو لازم ہوگا کہ ان اشیاء کو بجز اس کے خلاف عمل کرنے کے لئے کوئی معقول وجہ ہو عدالت اجراء کنندۂ حکمنامہ تلاشی کے پاس لے جانے کا حکم دے ۔

دستاویز یا اشیاء پیش شدہ کو ضبط کرنے کا اختیار۔

دفعہ ۵۸ ۔ کوتوال بلدہ مجاز ہوگا کہ اگر وہ مناسب سمجھے تو کسی دستاویز یا شئے کو جو برآمد ہوئی ہو یا اس کے روبرو پیش کی گئی ہو اور جس کی نسبت باور کرنے کی کافی وجہ ہو کہ وہ کسی امر زیر تفتیش سے متعلق ہے یا اس کی بابت کسی جرم کا ارتکاب ہوا ہے اپنی حفاظت میں رکھے۔

## CHAPTER VI.

### *Offences and Punishments.*

Wilful trespass.

59. Whoever without reasonable excuse wilfully enters or remains in or upon any dwelling house or building or premises or any land or ground attached thereto, or any ground or Government building or monument or any building appropriated to public purposes, whether any actual damage is caused thereby or not, be punished with fine which may extend to twenty rupees.

False alarm of fire.

60. Whoever wilfully gives or causes to be given by any means a false alarm of fire to any fire brigade or to any officer or firemen thereof, shall be punished with imprisonment for a term which may extend to three months or with fine which may extend to one hundred rupees or with both.



## باب ششم

### جرائم و سزائیں

عمداً مداخلت بیجا۔

دفعہ ۵۹۔ کوئی شخص جو بلا عذر معقول بالارادہ کسی مکان مسکونہ یا عمارت یا احاطہ یا اراضی یا زمین ملحقہ پر یا کسی اراضی یا عمارت سرکاری یا عمارت یادگار یا عمارت مختص باغراض رفاہ عام میں داخل ہو یا اس میں ٹھیرے عام اس سے کہ اس سے کوئی نقصان واقعی ہو یا نہ ہو تو اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار بیس روپیہ تک ہو سکے گی۔

آتشزدگی کی جھوٹی اطلاع دینا۔

دفعہ ۶۰۔ کوئی شخص جو عمداً کسی فائر بریگیڈ کو یا اس کے کسی عہدہ دار یا فائرمین کو آتشزدگی کی جھوٹی اطلاع کسی ذریعہ سے دے یا دلائے اس کو قید کی سزا دی جائیگی جس کی میعاد تین ماہ تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی جس کی مقدار ایک سو روپیہ تک ہو سکے گی یا دونوں سزائیں دی جاسکیں گی۔

*(Translation)*

Person being found under suspicious circumstances between sunset and sunrise.

61. Whoever between sunset and and sunrise—

غروب وطلوع آفتاب کے درمیان کسی شخص کا مشتبہ حالت میں پایا جانا۔

دفعہ ۶۱۔ کوئی شخص جو بعد غروب اور قبل طلوع آفتاب

(a) is found armed with any dangerous instrument with intent to commit an offence, or

(الف)۔ کسی جرم کے ارتکاب کی نیت سے کسی خطرناک آلہ سے مسلح پایا جائے۔ یا

(b) covers his face, or otherwise disguises, with intent to commit an offence, or

(ب)۔ کسی جرم کے ارتکاب کی نیت سے اپنے چہرہ کو چھپائے یا کسی اور طور پر تبدیل ہئیت کرے۔ یا

(c) is found in any dwelling-house or building under such circumstances as not to be able to give a satisfactory account for his presence there, or

(ج)۔ کسی مکان سکونتی یا عمارت میں ایسی حالت میں پایا جائے کہ اس مقام پر اپنی موجودگی کے متعلق قابل اطمینان بیان نہ دے سکے۔ یا

(d) is found lying or loitering in any street or yard or other place, being a reputed thief and without being able to give a satisfactory account for his presence there, or

(د)۔ کسی شارع عام یا صحن یا اور مقام میں ٹھیرا ہوا یا آوارہ بھٹکتا ہوا نظر آئے جو مشہور سارق ہو اور وہاں اپنی موجودگی کے متعلق کوئی قابل اطمینان بیان نہ دے سکے۔ یا

(e) has in his possession without reasonable excuse (the burden of

(ہ) یا اپنے قبضہ میں بلا وجہ معقول جس کا

*(Translation)*

proving which shall be on him) any implement of house-breaking

shall be punished with imprisonment for a term which may extend to 3 months.

62. Whoever has in his possession or conveys in any manner or offers for sale or pawn any article which there is sufficient reason to believe is stolen property or property obtained by fraud, shall, if he fails to account for such possession or act to the satisfaction of the Magistrate, be punished with imprisonment for a term which may extend to 3 months or with fine which may extend to one hundred rupees.

Possession of suspected articles.

63. Whoever—

Carrying intoxicating drugs, etc. into hospital or military barracks.

(a) takes or introduces or attempts to take or introduce any



بارثبوت اس کے ذمہ ہوگا آلہ نقب زنی رکھے۔

تو اس کو قید کی سزا دی جائے گی۔ جس کی میعاد (۳) ماہ تک ہوسکے گی۔

اشیاء مشتبہ کو قبضہ میں رکھنا۔

دفعہ ۶۲۔ کوئی شخص کسی ایسے مال کو جس کے متعلق یہ باور کرنے کی کافی وجہ ہو کہ وہ مسروقہ یا بذریعہ دغا حاصل کردہ ہے اپنے قبضہ میں رکھے یا کسی طرح اس کو منتقل کرے یا بیع یا رہن کے لئے پیش کرے اس کو اگر وہ ناظم عدالت کو اپنے قبضہ یا فعل کے جواز کی نسبت کافی طور پر اطمینان نہ دلائے تو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد تین (۳) ماہ تک ہوسکے گی یا جرمانہ کی جس کی مقدار ایک سو روپیہ تک ہوسکے گی۔

دواخانہ یا فوجی بیارکس میں اشیاء نشی وغیرہ لے جانا۔

دفعہ ۶۳۔ کوئی شخص جو

(الف)۔ کسی شفاخانہ عام میں اس شفاخانہ کے عہدہ دار طبی کی اجازت کے بغیر کوئی مسکرات

(*Translation*)

fermented liquors or other intoxicating drugs or preparations into any public hospital without the permission of a Medical Officer of such hospital, or

(b) takes or causes to be introduced or attempts to take or introduce any fermented liquors or other intoxicating drugs or preparations for any military officer not being above the rank of a non-commissioned officer into any building occupied by the troops or barracks or guard room or military encampment, shall be punished with imprisonment, for a term which may extend to two months or with fine which may extend to one hundred rupees and such fermented and intoxicating drugs as also the vessels containing the same shall be forfeited.

Omission to report as to suspected articles.

64. Whoever, being ordinarily a pawn-broker, or dealer in second-hand property, or worker in metals, or reasonably believed by the Commissioner of Police to be such a person, and having received from a Police officer written or printed in-



یا دیگر مفردات یا مرکبات منشی لے جائے یا داخل کرائے یا ایسے امور کا اقدام کرے۔ یا

(ب)۔ کوئی مسکرات یا دیگر مفردات یا مرکبات منشی کو کسی ایسے عہدہ دار فوج کے لئے جس کا درجہ نان کمیشنڈ افسر سے بڑھ کر نہ ہو کسی اقامت گاہ افواج یا بارکس یا گارڈ روم یا فوجی پڑاؤ میں یا ان میں لے جائے یا داخل کرائے یا ایسے امور کا اقدام کرے

تو اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد دو ماہ تک ہوسکے گی یا جرمانہ کی جس کی مقدار ایک سو روپیہ تک ہوسکے گی اور ایسے مسکرات ومنشی اشیاء نیز وہ ظروف جن میں ایسے مسکرات ومنشی اشیاء ہوں ضبط کر لئے جائیں گے۔

اشیاء مشتبہ کی نسبت اطلاع بہم پہنچانے کو ترک کرنا۔

دفعہ ۶۴۔ کوئی شخص جو عموماً مال گرو لیتا ہو یا مستعملہ مال کی خرید و فروخت کرتا ہو یا کسی دھات کا

*(Translation)*

formation, that the possession of any property is suspected to have been transferred by any offence mentioned in section 344 of the Hyderabad Penal Code or by any offence punishable under sections 350, 351, 352 or 353 of the Hyderabad Penal Code, is found in the possession or thereafter comes into the possession or has an offer either by way of sale, pawn, or exchange or for custody, alteration or for any other purpose, made to him, of property answering the description contained in the aforesaid information, shall, unless—

کام کرتا ہو یا جس کو کوتوال بلدہ بوجوہ معقول ایسا شخص ہونا باور کرے۔ عہدہ دار کوتوالی کی جانب سے ایسی تحریری یا مطبوعہ اطلاع حاصل ہونے کے باوجود کہ کسی مال کے قبضہ کے متعلق یہ شبہ ہے کہ ایسا قبضہ جرم متذکرہ دفعہ ۳۴۴ مجموعہ تعزیرات سرکار عالی یا کسی جرم قابل سزا مندرجہ دفعات ۳۵۰ و ۳۵۱ و ۳۵۲ یا ۳۵۳ مجموعہ تعزیرات سرکار عالی کے تحت منتقل ہوا ہے ایسے مال کا قابض پایا جائے یا مابعد ایسے مال کا قبضہ حاصل کرے یا ایسا مال اس کے روبرو فروخت یا گرو یا تبادلہ یا حفاظت یا تبدیل ہیئت یا کسی اور غرض سے پیش کیا جائے جو حلیہ مندرجہ اطلاع متذکرہ صدر کے مطابق ہو بجز اس کے کہ

(firstly) he forthwith gives information to the Commissioner of Police or at a Police Station of such possession or offer and takes suitable steps to ascertain the name and address of the person from whom the possession or offer was received and to give information as aforesaid,

(اول) وہ بلا تاخیر ایسا قبضہ حاصل ہونے یا مال پیش کئے جانے کی اطلاع کوتوال بلدہ کو یا کسی تھانہ کوتوالی پر دے اور اس شخص کا نام و پتہ جس سے قبضہ حاصل کیا گیا یا جس نے مال کو پیش کیا ہو معلوم کرنے اور حسب

(*Translation*)

صراحت متذکرہ صدر اطلاع دینے کے لئے مناسب کارروائی عمل میں لائے۔

(secondly)—the property being a common wearing apparel or otherwise, incapable of identification from the written or printed information, has been in no way concealed after the receipt of such information, be punished with fine which may extend to fifty rupees in respect of each such articles which may be in his possession or offered to him.

(دوم) ایسا مال معمولی لباس ہونے کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے کیفیت مندرجہ اطلاع تحریری مطبوعہ کی بناء پر قابل شناخت نہ ہو اور اطلاع مذکور وصول ہونے کے بعد کسی طرح پوشیدہ نہ کیا گیا ہو۔

تو اُس کو ہر ایسی شئے کے متعلق جو اس کے قبضہ میں ہو یا اُس کے روبرو پیش کی گئی ہو جرمانہ کی سزا دی جائے گی۔ جس کی مقدار پچاس روپیہ تک ہو سکے گی۔

(2) Whoever, after the receipt of such information as aforesaid, alters, melts, defaces or puts away or causes or suffers to be altered, melted, defaced or put away any property without previous permission of the Police, shall, on proof that the same was stolen property within the meaning of section 344 of the Hyderabad Penal Code, or property in respect of which any offence punishable

(۲) ہر کوئی شخص جو حسب متذکرہ صدر اطلاع وصول ہونے کے بعد کوتوالی سے اجازت حاصل کرنے کے قبل کسی مال کو مبدل کرے۔ گلا دے یا اُس کی صورت بگاڑ دے یا اُس کو پوشیدہ کرے یا کسی اور سے افعال متذکرہ کرائے یا کرنے دے اگر اس

under section 350, 351, 352 or 353 of of the Hyderabad Penal Code, was committed, be punished with imprisonment for a term which may extend to three years or with fine or with both.

65. Whoever takes from any child not appearing to be above the age of 14 years, any article as a pawn or pledge as security for any sum of money given to such child as a loan or advance or otherwise or buys from such child any article, without the knowledge and consent of the owner of the aricle, shall be punished with fine which may extend to one hundred rupees.

Taking any article on pledge from child.

مال کے متعلق پتہ ثابت ہو جائے کہ وہ حسب نشاء دفعہ ۳۴۴ مجموعہ تعزیرات سرکار عالی مال مسروقہ تھا یا اس کے متعلق کوئی ایسا جرم سرزد ہوا تھا جو تحت دفعات ۳۵۰۔ ۳۵۱۔ ۳۵۲۔ ۳۵۳۔ مجموعہ تعزیرات سرکار عالی قابل سزا ہے تو اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد تین سال تک ہوسکے گی یا جرمانہ کی یا دونوں سزائیں دی جاسکیں گی۔

دفعہ ۶۵ - کم سن بچہ سے کوئی شئے گرو لینا۔

کوئی شخص جو کسی ایسے بچہ سے جس کی عمر بظاہر ۱۴ سال سے زیادہ نہ معلوم ہوتی ہو کوئی شئے کسی ایسی رقم کی ضمانت میں جو اس بچہ کو بطور قرضہ یا پیشگی یا اور طرح دی گئی ہو گرو رکھے یا ضمانت میں لے یا کوئی شئے ایسے بچے سے مالک شئے کے علم و رضامندی کے بغیر خریدے تو اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار ایک سو روپیہ تک ہوسکے گی۔

*(Translation)*

66. Whoever in any street, or public place—

Miscellaneous acts declared to be offences.

(a) cleans any article of furniture, or any vehicle or grooms any animal,

(b) except at such time and place as are permitted by the Commissioner of Police, makes any part of any vehicle, or save in case of a serious accident, rendering repair on the spot unavoidable, repairs any part of any vehicle,

(c) drives, leads, or propels on any path meant for pedestrians, any vehicle or rides any animal other than a perambulator, or



متفرق افعال جو جرائم قرار دیے گئے ہیں۔

دفعہ ۶۶ - کوئی شخص جو کسی شارع عام یا مقام عام میں

(الف) - کوئی شئے از قسم فرنیچر یا گاڑی صاف کرے یا کسی جانور کی مالش کرے۔

(ب) - بجز ایسے مقام اور ایسے وقت کے جس کے متعلق کوتوال بلدہ نے اجازت دی ہو کسی اور وقت و مقام پر گاڑی کا کوئی جزو بنائے یا بجز کسی شدید حادثہ کے جس کی وجہ اس مقام پر اس کی مرمت ناگزیر ہو کسی گاڑی کے کسی حصہ کی درستی کرے۔

(ج) - کسی ایسے راستہ پر جو پیدل چلنے والوں کے لئے مخصوص ہو بجز بچوں کی گاڑی کے کسی گاڑی کو ہانکے یا اس راستہ پر سے چلائے یا لے جائے یا کسی جانور پر سوار ہو کر نکلے یا

*(Translation)*

(d) except at such times and places as the Commissioner of Police may have permitted, trains or breaks any horse,

(د) - بجز ایسے مقامات اور اوقات کے جن کے متعلق کوتوال بلدہ نے اجازت دی ہو کسی اور وقت و مقام پر کسی گھوڑے کو سدھائے یا تربیت دے ۔

(e) sets on or urges a dog or other animal to attack, worry or put in fear any person or animal,

(ہ) - کسی شخص یا جانور پر حملہ کرنے یا اُس کو تکلیف دینے یا ڈرانے کے لئے کسی کتے یا دوسرے جانور کو چھوڑے یا بھڑکائے ۔

(f) negligently lets loose any horse, or other animal so as to cause danger, injury, alarm or annoyance or lets loose any ferocious dog without a muzzle,

(و) - کسی گھوڑے یا دوسرے جانور کو غفلت سے اس طرح چھوڑ دے کہ وہ خطرہ۔ نقصان۔ خوف یا تکلیف کا باعث ہو کسی خطرناک کتے کو بغیر چھیکا لگانے کے چھوڑ دے ۔

(g) causes obstruction, damage or injury by any misbehaviour, negligence or ill-usage in the driving or supervision or treatment or care of any cattle or animal,

(ز) - کسی مویشی یا جانور کے ہانکنے یا نگرانی کرنے یا دیکھ ریکھ یا حفاظت میں بدسلوکی یا غفلت یا غیر صحیح استعمال سے مزاحمت نقصان یا ضرر کا باعث ہو ۔

(Translation)

*[(gg) without the consent of the owner or occupier, in any manner affixes or causes to be affixed any bill, notice, document, paper or other thing, upon the street or public place or upon any place of public resort or upon any building, monument, statue, effigy, post, wall, fence, tree or other erection therein, or in any manner defaces, disfigures, writes upon or otherwise marks, or causes to be defaced, disfigured, written upon, or otherwise marked, the street, public place or any such place of public resort, building, monument, statue, effigy, post, wall, fence, tree or erection.]

*Added by Act No. XXVI of 1954.

(h) obstructs or otherwise causes inconvenience to a person by wilful intrusion or by improper use of a place at which bathing is permitted;

(ح) کسی ایسے مقام پر جہاں نہانے دھونے کی اجازت ہو بالارادہ داخل ہوکر یا اُس مقام کا ناجائز استعمال کرکے کسی شخص کی مزاحمت کرے یا اور طور پر اس کو تکلیف پہونچائے۔

(i) flies a kite in a manner likely to cause danger, alarm or injury to any person or horse or property,

(ط) پتنگ کو اس طرح اڑائے جس سے کسی شخص یا گھوڑے یا جائداد کو خوف و خطرہ یا ضرر کا احتمال ہو

shall, for every such offence, be punished with fine which may extend to fifty rupees.

تو ہر ایسے جرم کی بابت اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار (۵۰) روپے تک ہوسکے گی۔

**Letting off firework, burning straw, etc., or firing gun in or near a public place.**

67. Except at such times or places as are permitted by the Commissioner of Police from time to time, whoever in or near a street or public place—

**مقام عام یا اُس کے قریب آتشبازی و گھانس وغیرہ کا جلانا یا بندوق سر کرنا۔**

دفعہ ۶۷ - بجز ایسے مقامات یا اوقات کے جن کی کوتوال بلدہ نے وقتاً فوقتاً اجازت دی ہو کوئی شخص جو کسی شارع عام یا مقام عام میں یا اس کے متصل

*(Translation)*

(a) sets fire to or burns any rubbish or straw or any other matter, or

(الف)۔ کوئی کچرا یا گھانس یا کسی اور شئے کو آگ لگائے یا جلائے۔ یا

(b) lights a bonfire, or

(ب)۔ الاوہ سلگائے۔ یا

(c) lets off and throws a firework, and

(ج)۔ آتش بازی جلائے اور پھینکے۔ اور

whoever in or within two hundred yards of any street or public place,

جو کوئی کسی شارع عام یا مقام عام میں یا اس سے دو سو گز فاصلہ کے اندر۔

(d) wantonly discharges a fire-arm, or

(د)۔ لاپروائی سے کوئی سلاح آتش فشاں چلائے۔ یا

(e) sends up a rocket or balloon,

(ھ)۔ ہوائی یا تارہ منڈل یا غبارہ اڑائے

shall, if he commits acts under sub-sections (d) or (e), be punished with imprisonment for a term which may extend to eight days or with fine which may extend to fifty rupees, and in other cases be punished with fine which may extend to fifty rupees.

تو اس کو اگر اس سے افعال تحت ضمن ہائے (د) یا (ھ) سرزد ہوں تو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد آٹھ روز تک ہو سکے گی یا اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار (۵۰) روپیہ تک ہو سکے گی۔

*(Translotion)*

بقیہ اور صورتوں میں اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار (۵۰) روپیہ تک ہو سکے گی۔

Exposing of body in indecent manner.

68. Whoever in any street or public place or place of public traffic or in a place within sight of any street or public place, and in such manner as to be seen from there, whether or not such place is an inner portion of a dwelling house or building, wilfully and indecently exposes his person, shall be punished with imprisonment for a term which may extend to eight days or with fine which may extend to fifty rupees.

دفعہ ۶۸ ۔ ناگوار طریقہ سے اپنے جسم کو برہنہ رکھنا۔ کوئی شخص جو کسی شارع عام یا مقام عام یا کسی ایسے مقام میں جہاں عام آمد و رفت ہو یا کسی ایسے مقام پر جو کسی شارع عام یا مقام عام سے نظر آئے اس طرح سے کہ وہاں سے دکھائی دے عام اس سے کہ وہ مقام کسی مکان مسکونہ یا عمارت کا اندرونی حصہ ہو یا نہ ہو اپنے جسم کو عمداً خلاف اخلاق و فحش طریقہ سے برہنہ کرے اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد (۸) روز تک ہو سکے گی۔ یا جرمانہ کی جس کی مقدار (۵۰) روپیہ تک ہو سکے گی۔

Begging alms in indecent manner.

69. Whoever in any street or public place begs alms, or directs or permits children in his care to beg alms or expose to the public an ulcer, wound or ailment or physical deformity, with intent to receive alms or to force any person

دفعہ ۶۹ ۔ ناگوار طریقہ سے بھیک مانگنا۔ کوئی شخص جو کسی شارع عام یا مقام عام میں بھیک مانگے یا بچوں کو جو اس کی نگرانی میں ہوں بھیک مانگنے کی ہدایت یا اجازت دے

*(Translation)*

to give alms, shall be punished with imprisonment for a term which may extend to one month or with fine which may extend to fifty rupees or with both.

یا بھیک حاصل کرنے یا کسی کو بھیک دینے کے لئے مجبور کرنے کی نیت سے کوئی پھوڑا، زخم، مرض یا جسمانی نقص لوگوں کو دکھائے تو اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد ایک ماہ تک ہو سکے گی۔ یا جرمانہ کی جس کی مقدار (۵۰) روپیہ تک ہو سکے گی یا دونوں سزائیں دی جا سکیں گی۔

Indecent acts in street etc.

70. Whoever in any street or public place or place of public resort—

شارع عام وغیرہ میں ناگوار افعال۔ دفعہ ۷۰۔ کوئی شخص جو کسی شارع عام یا مقام عام یا ایسے مقام میں جہاں عام آمدورفت ہو۔

(a) is in such a state of intoxication as not to be able to protect himself,

(الف)۔ ایسی نشہ کی حالت میں ہو کہ اپنی حفاظت آپ نہ کر سکتا ہو۔

(b) behaves in an indecent, riotous or disorderly manner,

(ب)۔ بدتہذیبی یا ہنگامہ کرے یا بدنظمی پیدا کرے۔

(c) uses any threatening, insulting or obscene words or gestures, likely to disturb public peace or cause public nuisance,

(ج)۔ ایسے تخویف دلانے والے ہتک آمیز یا فحش الفاظ کہے یا حرکات کرے جن سے امن عامہ میں خلل یا امر باعث تکلیف عام

کے ہونے کا احتمال ہو۔

shall be punished with imprisonment for a term which may extend to eight days or with fine which may extend to fifty rupees.

تو اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد آٹھ روز تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی جس کی مقدار (۵۰) روپیہ تک ہو سکے گی۔

Indecent behaviour in Court, Govt. offices or Police Station.

71. Whoever in any Court or Police Station or Government office, behaves in an indecent, violent or disorderly manner, shall be punished with fine which may extend to fifty rupees.

عدالت یا دفاتر سرکاری یا تھانہ کوتوالی میں ناگوار سلوک۔

**دفعہ ۷۱۔** کوئی شخص جو کسی عدالت یا تھانہ کوتوالی یا دفتر سرکاری میں بدتہذیبی یا ہنگامہ کرے یا بدنظمی پیدا کرے اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار (۵۰) روپیہ تک ہو سکے گی۔

Contravention of notices affixed in Government buildings.

72. Whoever in any Court or Police Station or Police office or building used for Government purposes or building occupied by any public body, smokes or spits in contravention of a notice approved by the Government and affixed to some conspicuous place in such Court, station, office or building, shall be punished with fine which may extend to fifty rupees.

سرکاری عمارات میں چسپاں شدہ اعلانات کی خلاف ورزی کرنا۔

**دفعہ ۷۲۔** کوئی شخص جو کسی عدالت یا تھانہ یا دفتر کوتوالی میں یا ایسی عمارت میں جو سرکاری اغراض کے لئے مستعمل ہوتی ہو یا جس کا تعلق کسی جماعت عام سے ہو کسی ایسے اعلان منظورہ سرکار عالی کے خلاف جو اس عدالت۔ تھانہ یا دفتر یا عمارت مذکور کے کسی منظر عام پر چسپاں شدہ ہو تمباکو

73. Whoever in or near any street or public place or public passage—

**Commiting nui-ance in or near public place.**

(a) commits nuisance by easing himself, or

(b) having the care and custody of any child under (7) years of age suffers such child to comit a nuisance as aforesaid,

shall be punished with fine which may extend to fifty rupees.

74. Whoever being the keeper of any public place of amusement or entertainment knowingly permits drunkenness, disorderly behaviour or gaming in such place,

**Permitting disorderly conduct in public place.**

shall be punished with fine which may extend to one hundred rupees.



نوٹس کرے یا تھوکے اس کو جرمانہ کی سزا دی جائیگی جس کی مقدار (۵۰) روپیہ تک ہوسکے گی ۔

**مقام عام یا اس کے قرب وجوار میں امر باعث تکلیف عام کا کرنا ۔**

دفعہ ۷۳ ۔ کوئی شخص جو کسی شارع عام یا گزرگاہ عام میں یا اس کے قریب

(الف) ۔ پیشاب یا پاخانہ کرکے باعث تکلیف عام ہو ۔ یا

(ب) ۔ کسی بچہ کو جس کی عمر (۷) سال سے کم اور جو اس کی نگرانی وحفاظت میں ہو حسب صراحت بالا باعث تکلیف عام ہونے دے تو اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار (۵۰) روپیہ تک ہوسکے گی ۔

**مقام عام میں بے جا حرکات کی اجازت دینا ۔**

دفعہ ۷۴ ۔ کوئی شخص جو کسی تفریح گاہ عام یا فرودگاہ عام کا منتظم ہو جان بوجھ کر ایسے مقام پر نشہ بازی یا بدنظمی یا قمار بازی ہونے دے اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار

**Cheating at games.**

75. Whoever, by any fraud or unlawful device or malpractice in playing at or with cards or dice or any other game or in taking part in the wagers or in betting on the sides or hands of the players, or in wagering on the event of any game, sport, pastime or physical exercise, wins from any other person either for himself or for any other person or persons, any sum of money or valuable thing, shall be deemed guilty of cheating whitin the meaning of section 348 of the Hyderabad Penal Code, and be liable to punishment accordingly.

**Contravention of rules and orders issued under this Act.**

76. Whoever—

(a) contravention any rule made under section 21 of this Act or any



ایک سو روپیہ تک ہوسکے گی۔

**بازیوں میں دغا کا ارتکاب۔**

دفعہ ۷۵۔ جو شخص گنجفہ بازی میں یا تاش یا پانسہ کا کھیل یا کسی اور قسم کا کھیل کھیلنے میں یا شرط کی بازیوں میں شریک ہونے میں یا کسی فریق بازی کی جانب ہوکر یا ان کے ہاتھ کی جھینک پر شرط لگانے میں یا کسی بازی رتماشہ تفریحی عمل یا جسمانی کرتب کے نتیجہ پر شرط باندھنے میں کسی فریب یا ناجائز تدبیر یا بدمعاملگی سے کوئی نقد رقم یا قیمتی شئے کسی دوسرے شخص سے خواہ اپنے لئے ہو خواہ کسی دوسرے شخص یا اشخاص کے لئے جیتے تو اس کے متعلق یہ تصور کیا جائے گا کہ وہ حسب منشاء دفعہ ۳۴۸ مجموعہ تعزیرات ممالک محروسہ سرکار عالی "دغا" کا مرتکب ہوا اور وہ حسبہٖ سزا کا مستوجب ہوگا۔

**خلاف ورزی قواعد واحکام مجریہ بہ تحت قانون ہذا۔**

دفعہ ۷۶۔ کوئی شخص جو

(الف)۔ کسی قاعدہ مرتبہ تحت دفعہ ۲۱ قانون ہذا یا کسی اور حکم یا حکم امتناعی

(*Translation*)

other order or prohibition lawfully given under sub-section (3) of section 21 or section 22, or

کی جو بطور جائز بموجب ضمن (۳) دفعہ ۲۱ یا تحت دفعہ ۲۲ صادر ہوا ہو خلاف ورزی کرے۔ یا

(b) refuses or fails to conform to any lawful and reasonable direction of any Police officer given in accordance with this Act, or with any rule made thereunder, or

(ب)۔ کسی عہدہ دار کوتوالی کی کسی جائز و معقول ہدایت کی جو قانون ہذا یا کسی قاعدہ مرتبہ تحت قانون ہذا کے بموجب دی گئی ہو تعمیل سے انکار کرے یا تعمیل کرنے میں کوتاہی کرے۔ یا

(c) opposes or disobeys or fails to conform to any direction of the Commissioner of Police notified under section 26 of this Act, or abets opposition or refusal to conform to such direction, shall—

(ج)۔ کوتوال بلدہ کی کسی ہدایت کی جو تحت دفعہ ۲۶ قانون ہذا مشتہر کی گئی ہو مخالفت یا عدول حکمی کرے یا اس کی تعمیل کرنے سے قاصر رہے یا ایسی ہدایت کی مخالفت کرنے یا تعمیل سے انکار کرنے میں اعانت کرے اس کو

(firstly) – for any contravention of a rule made under section 21 of this Act, if the said rule is made under sub-section (a), (b) or (c) or under clauses (first) and (second) of sub-section (f), be punished with fine

(اول)۔ بہ پاداش خلاف ورزی قاعدہ تحت دفعہ ۲۱ قانون ہذا اگر قاعدہ مذکور تحت ضمن (الف)۔ (ب)۔ (ج) مرتبہ

which may extend to fifty rupees; and if the rule contravened is made under sub-section (d) or (e) or under clause (third) or (fourth) or (fifth) of sub-section (f), be punished with imprisonment for a term which may extend to (8) days or with fine which may extend to fifty rupees or with both.

ہوا ہو یا جزو اول و دوم تحت ضمن (و) مرتب ہوا ہو اس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار (۵۰) روپیہ تک ہو سکے گی اور اگر قاعدہ جس کی خلاف ورزی ہوئی ہو تحت ضمن (د) یا (ھ) یا جزو سوم یا چہارم پنجم ضمن (و) کے مرتبہ ہو تو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد (۸) یوم تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی جس کی مقدار (۵۰) روپیہ تک ہو سکے گی یا دونوں سزائیں دی جا سکیں گی۔

(secondly), if the offence consitutes a contravention of any prohibitory order made under sub-section (2) or sub-section (3) of section 22 or clause (c) of this section, be punished with imprisonment for a term which may extend to one month or with fine which may extend to one hundred rupees or with both,* [and

(دوم)۔ اگر وہ جرم کسی حکم امتناعی صادرہ ضمن (۲) یا ضمن (۳) دفعہ ۲۲ یا فقرہ (ج) دفعہ ہذا کی خلاف ورزی میں داخل ہو تو اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد ایک ماہ تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی جس کی مقدار ایک سو روپیہ تک ہو سکے گی یا دونوں سزائیں دی جا سکیں گی۔ [ اور ف

(thirdly)—in other cases, be punished with fine which may extend to one hundred rupees.]

(سوم ف) دیگر صورتوں میں جرمانہ کی سزا

*Added by Act No. XXV of 1356 F.

ف۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۲۵) سنہ ۱۳۵۶ ف

*(Translation)*

دی جائے گی جس کی مقدار ایک سو روپیہ تک ہو سکے گی ۔

Entering in City Police limits without permission after expulsion.

77. Whoever, having been removed from the City Police limits under section 22 of this Act, re-enters any place within such limits without written permission by the Commissioner of Police within two years from the date of removal shall be punished with imprisonment for a term which may extend to two years or with fine or with both.

حدود کوتوالی بلدہ سے خارج ہونے کے بعد پھر بلا اجازت داخل ہونا ۔

**دفعہ ۷۷** ۔ کوئی شخص جو حسب دفعہ ۲۶ قانون ہذا حدود کوتوالی بلدہ سے خارج کیا گیا ہو اور تاریخ اخراج سے دو سال کے اندر بغیر اجازت تحریری کوتوال بلدہ حدود مذکور کے اندر کسی مقام میں مکرر داخل ہوجائے تو اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد دو سال تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی یا دونوں سزائیں دی جاسکیں گی ۔

Prosecution in certain offences not to be compulsory.

78. It shall not be incumbent on the Commissioner of Police, or any Assistant Commissioner of Police specially authorised in writing in this behalf by the Commissioner of Police, to prosecute any person for offences punishable under sub-section (3) of section 10 or section 64, 65, 68 or 75 unless the Government has made an order or prescribed a rule in this behalf or such offences have occasioned serious loss.

معین جرائم میں چالان کارروائی کا لازمی نہ ہونا ۔

**دفعہ ۷۸** ۔ کوتوال بلدہ یا مددگار کوتوال بلدہ پر باوجود اس کے کہ وہ کوتوال بلدہ کے خاص تحریری حکم کی بنا پر اس بارہ میں مجاز کیا گیا ہو یہ لازم نہ ہوگا کہ کسی شخص کو جرائم قابل سزا تحت ضمنی (۳) دفعہ ۱۰ یا دفعات ۶۴ ۔ ۶۵ ۔ ۶۸ ۔ ۷۵ چالان کرے بجز اس کے کہ سرکار عالی نے اس خصوص میں کوئی حکم

79. Nothing in this Act shall prevent any person from being prosecuted and punished under any other enactment for any offence punishable under this Act, or from being prosecuted and punished under this Act, for an offence punishable under any other enactment :

Prosecution under other enactments.

Provided that such cases shall be subject to the provisions of section 204 of the Hyderabad Code of Criminal Procedure.

## CHAPTER VII

*Miscellaneous.*

80. All moneys realised as fees for licences or written permission issued under this Act, and all sums paid for the service of processes

Disposal of fees, reward etc.



صادر کیا ہو یا کوئی قاعدہ مقرر کیا ہو یا ایسے جرائم سے شدید نقصان پہونچا ہو۔

دیگر قوانین کے تحت چالان کرنا۔

دفعہ ۷۹ - قانون ہذا کی کوئی عبارت اس امر کے مانع نہ ہوگی کہ کسی شخص کو کسی ایسے جرم کی پاداش میں جو تحت قانون ہذا قابل سزا ہو کسی دوسرے قانون کے تحت چالان و سزا دلائی جائے اور نہ اس امر کی مانع ہوگی کہ اس کو کسی ایسے جرم کی پاداش میں جو کسی دوسرے قانون کے تحت قابل سزا ہو قانون ہذا کے تحت چالان عدالت کرکے سزا دلائی جائے۔ لیکن ایسے مقدمات تابع منشاء دفعہ ۲۰۴ ضابطہ فوجداری سرکار عالی ہوں گے۔

## باب ہفتم

## متفرقات

رقوم فیس انعام وغیرہ کا تصفیہ کرنا۔

دفعہ ۸۰ - وہ تمام رقوم جو فیس لائسنس یا اجازت نامہ جات تحریری مجریہ تحت قانون ہذا

( *Translation* )

by Police officers, or all rewards forfeitures and penalties or shares thereof which are payable to any Police officer giving information or for detecting crimes, shall, save in so far as any portion of such sums is, by any law for the time being in force, payable to the Hyderabad Muncipality, be credited to the Goverdment :

Provided that with the sanction of the Government or under the rules made by the Government in this behalf, the whole or any portion of such rewards, penalties, or forfeitures may, for special services, be paid to a Police officer or be divided amongst two or more Police officers.

Method of proving orders and circulars.

81. Any order or notification issued or published under this Act by the Government or by a Magistrate or officer, the publication and issue thereof, may be proved by the Jarida in



کی بابت وصول ہوں نیز جملہ رقوم جو عہدہ داران کوتوالی کے ذریعہ طلب نامہ جات تعمیل کرانے کے لئے دی گئی ہوں یا وہ جملہ رقوم جو بابتہ انعامات وضبطیات تاوانات یا ان کے جزو جو کسی عہدہ دار کوتوالی کو بصلہ اطلاع دہی یا سراغ برآری واجب الادا ہوں بحق سرکار عالی جمع کی جائیں گی بجز اس کے کہ ایسی رقوم کا کوئی جزو قانون نافذ الوقت کی رو سے بحق محکمہ بلدیہ واجب الایصال ہو۔ مگر شرط یہ ہے کہ بمنظوری سرکار عالی یا تحت قواعد منظورہ سرکار عالی جو اس بارہ میں نافذ کئے جائیں ایسی رقوم انعام یا تاوان یا ضبطیات کا کل یا جزو خاص کارگزاری کے صلہ میں کسی عہدہ دار کوتوالی کو دیا جاسکے گا یا دو یا زائد عہدہ داران کوتوالی میں تقسیم کیا جاسکے گا۔

احکام وگشتیات تحریریہ کے ثابت کرنے کا طریقہ۔

دفعہ ۸۱۔ کوئی حکم یا اعلان جو سرکار عالی یا کسی ناظم فوجداری یا کسی عہدہ دار کی جانب سے قانون ہذا کے تحت جاری یا شائع کیا جائے اس کی اشاعت واجرائی کو اس

which such order or notification is published or by a copy thereof signed by such Magistrate or officer and by him certified to be a true copy of an original order or notification issued according to the section of this Act applicable thereto.

**Rules and orders not to be deemed invalid.**

82. No rule, order, direction, adjudication inquiry, or notification made or published, and no act done under the provisions of this Act or under any rules made under this Act, or which may be deemed to be in conformity to the same, shall be deemed illegal, void, invalid or insufficient by reason of not being in the prescribed form, or any defect in the publication or any irregularity of procedure.

**Mode of action by persons**

83. (1) If any rule or order made by the Government in pursuance of the provisions herein contained



جریدہ اعلامیہ سے جس میں وہ حکم یا اعلان شائع ہوا ہو یا ایسی نقل سے جس پر اس ناظم فوجداری یا عہدہ دار کی دستخط ہو اور جس پر اس نے اس امر کی تصدیق کی ہو کہ یہ نقل مطابق اس اصل حکم یا اعلان کے ہے جو قانون ہذا کی متعلقہ دفعہ کے تحت جاری ہوا ہے ثابت کیا جاسکے گا۔

**قواعد و احکام کا کالعدم متصور نہ ہونا۔**

دفعہ ۸۲۔ کوئی قاعدہ، حکم، ہدایت تصفیہ، تحقیقات یا اعلان جو جاری یا شائع کیا جائے۔ اور کوئی عمل جو تحت احکام قانون ہذا یا بموجب قواعد مجریہ تحت قانون ہذا یا ان کے منشاء کے مطابق متصور ہوسکتا ہو حسب نمونہ مقررہ نہ ہونے یا اشاعت میں کوئی سقم ہونے یا کارروائی میں کوئی بے ضابطگی ہونے سے ناجائز، کالعدم، باطل یا ناکافی نہ سمجھا جائے گا۔

**اشخاص متعلقہ کی جانب سے احکام مجریہ کی تنسیخ و ترمیم کیلئے کارروائی کا طریقہ۔**

دفعہ ۸۳۔ (۱) باتباع

interested for cancellation and amendment of orders issued.

and imposing on the public or a particular class of persons the responsibility to perform any duty or act, or requiring them or those under their control to do an act in the manner specified in the said rule or order, it shall be competent to any person interested, to apply to the Government through the Secretary concerned to annul, alter or amend such rule or order stating that the same is unlawful or oppressive.

When suit shall lie to declare order unlawful.

(2) If such an application has been wholly or in part rejected or if after the lapse of four months no answer thereto or decision thereon has been received from or published by the Government, it shall be competent to the person interested to institute a



احکام مندرجہ قانون ہذا اگر سرکار عالی کی جانب سے کوئی ایسا قاعدہ یا حکم جاری کیا جائے جس کی رو سے عوام یا کسی خاص طبقہ پر کسی خاص غرض یا فعل کی ذمہ داری عائد کی جائے یا حسب صراحت مندرجہ قاعدہ یا حکم مذکور خود ان پر یا ان اشخاص پر جو ان کے زیر اختیار ہوں کوئی عمل کرنا واجب قرار دیا جائے تو ہر وہ شخص جو اس میں غرض رکھتا ہو مجاز ہوگا کہ ایسے قاعدہ یا حکم کے خلاف قانون یا باعث سختی ہونے کا اظہار کرتے ہوئے اس کے منسوخ یا مبدل یا ترمیم کئے جانے کے لئے بتوسط معتمد متعلقہ سرکار عالی میں درخواست پیش کرے۔

حکم خلاف قانون قرار دئے جانے کیلئے کب دعویٰ کیا جاسکتا ہے۔

(۲) اگر ایسی درخواست کلاً یا جزءاً نامنظور کی گئی ہو یا چار ماہ گزرنے کے بعد سرکار عالی کی جانب سے اس کے متعلق کوئی جواب وصول یا کوئی فیصلہ شائع نہ ہوا ہو تو ایسا شخص جو اس میں غرض رکھتا ہو گا کہ بمقابلہ

*(Translation)*

suit against the Government for a declaration that such order or rule is unlawful either wholly or in part. Any such rule or order finally adjudged by a Court to be unlawful shall be annulled or so altered or amended as to make it conformable to law.

Specifying condition etc., in licences and permits.

84. (1) Any written permission or licence granted under this Act to any person, shall specify the period and locality for which, and the conditions and restrictions subject to which, the person to whom the permission or licence is granted, shall act, and shall be signed by the Commissioner of Police; and such fee shall be charged therefor as may be prescribed by rules made under this Act in this behalf.

Suspension revocation of licence etc.

(2) Any written permission or licence granted under this Act may be suspended or revoked by the Commissioner of Police, if the person to whom the written permission or licence has been granted infringes or evades com-



سرکار عالی ایسے حکم یا قاعدہ کو کلاً یا جزاً خلاف قانون قرار دینے کے لئے نالش دائر کرے۔ ہر ایسا قاعدہ یا حکم جو عدالت سے قطعی طور پر خلاف قانون قرار پاچکا ہو اس کو منسوخ کیا جائے گا یا اس کو اس طرح مبدل یا ترمیم کیا جائے گا کہ وہ مطابق قانون ہو جائے۔

دفعہ ۸۴ ۔ لائسنس اور اجازت ناموں میں شرائط وغیرہ کا اندراج ۔ (۱) کوئی اجازت تحریری یا لائسنس جو حسب قانون ہذا کسی شخص کو دیا جائے اس میں مدت مقام اور ان شرائط و قیود کی صراحت ہوگی جن کے بموجب اس اجازت یا لائسنس یافتہ شخص کو عمل کرنا ہوگا اور ایسی اجازت تحریری اور لائسنس پر کوتوال بلدہ کے دستخط ہوں گے اور وہ فیس لی جائے گی جو اس بارے میں بذریعہ قواعد مجریہ تحت قانون ہذا مقرر کی گئی ہو۔

معطلی و منسوخی لائسنس وغیرہ ۔ (۲) ۔ جو اجازت تحریری یا لائسنس حسب قانون ہذا دیا جائے

*(Translation)*

pliance with its conditions and restrictions, or is convicted of any offence in any matter which relates to such licence or written permission.

When licence is suspended or revoked the person shall be deemed without licence.

(3) When any such licence or written permission is suspended or revoked or when the period for which the same was granted has expired, the person to whom the same was granted shall be deemed to be without a licence or permission, until the order of suspension or revocation is cancelled by the Commissioner of Police or until the same is renewed.

(4) Every person to whom any



اس کو کوتوال بلدہ معطل یا منسوخ کر سکے گا ۔ جب کہ وہ شخص جس کے نام اجازت تحریری یا لائسنس جاری ہوا ہو شرائط و قیود مندرجہ اجازت تحریری یا لائسنس مذکور کی خلاف ورزی کرے یا ان کی تعمیل سے گریز کرے یا وہ کسی جرم میں ایسے امر کے متعلق سزا پائے جو لائسنس یا اجازت تحریری سے متعلق ہو ۔

لائسنس معطل یا منسوخ کرنے کی صورت میں وہ شخص غیر اجازت یافتہ سمجھا جائے گا ۔

(۳) جب کبھی ایسا لائسنس یا اجازت نامہ تحریری معطل یا منسوخ کیا جائے یا اس کی میعاد منقضی ہو جائے تو اجازت یافتہ اس وقت تک بلا لائسنس یا غیر اجازت یافتہ سمجھا جائے گا جب تک کوتوال بلدہ حکم معطلی یا منسوخی کی تنسیخ نہ کرے یا اجازت نامہ یا لائسنس مذکور کی تجدید نہ کی جائے ۔

عندالطلب لائسنس پیش کرنا ۔

(۴) ہر شخص جس

*(Translation)*

**Production of licence on demand.** licence or written permission has been granted shall, while the licence or written permission remains in force, at all reasonable times produce the same before a Police officer when required.

**Mode of publication of notification.** 85. Any notification required to be published under this Act, shall be in writing and shall be published by affixing in any conspicuous place in the locality where it is intended to be published, or by proclaiming the same with beat of drum, or by advertising the same in any local newspaper, or by any other means which the Commissioner of Police may think fit, or by any two or more of the aforesaid means as may be suitable.

**Permission etc., of** 86. Whenever under this Act any act or omission or the validity of any act



کو کوئی لائیسنس یا اجازت تحریری عطا کی گئی ہو جب تک وہ لائیسنس یا اجازت تحریری نافذ رہے لازم ہوگا کہ ایسے لائیسنس یا اجازت تحریری کو ہر مناسب وقت پر عند الطلب عہدہ دار کوتوالی کے پاس پیش کرے۔

**طریقہ اشاعت اعلان۔** دفعہ ۸۵۔ ہر ایسا اعلان جس کا حسب قانون ہذا مشتہر کیا جانا ضروری ہو۔ تحریری ہوگا اور جس جگہ اس کا مشتہر کیا جانا مقصود ہو وہاں کسی نمایاں مقام پر چسپاں کرنے سے یا بذریعہ منادی بضرب دہل یا کسی مقامی اخبار میں شائع کرانے سے یا کسی اور طریقہ سے جس کو کوتوال بلدہ مناسب سمجھے یا متذکرۂ صدر طریقوں کے منجملہ دو یا زیادہ طریقوں جو مناسب ہوں شائع کرایا جائے گا۔

**اجازت وغیرہ کوتوال بلدہ کی ان کی دستخطی تحریر سے ثابت ہوسکیگی۔** دفعہ ۸۶۔ جب کبھی قانون ہذا

*(Translation)*

Commissioner of Police may be proved by writing under his signature.

depends upon the consent, approval, opinion or satisfaction of the Commissioner of Police or of any other Police officer, a document signed by the Commissioner of Police or by such Police officer, purporting to set forth consent, approval, opinion or satisfaction shall be deemed sufficient evidence for thereof.

Notifications may be signed by seal.

87. Save any summonses, warrants, or search warrants, required, by the provisions of this Act or the rules made thereunder, to be signed by the Commissioner of Police, every licence or written permission or notification or document shall be deemed to be duly signed if it bears a fascimile of his signature stamped thereon.



کے تحت کوئی فعل یا ترک فعل یا جواز فعل کوتوال بلدہ یا کسی دوسرے عہدہ دار کوتوالی کے رضامندی ۔ منظوری ۔ رائے یا اطمینان پر منحصر ہو تو ایسے امور کے متعلق کوتوال بلدہ یا دوسرے عہدہ دار کوتوالی متذکرہ صدر کی دستخطی دستاویز جس سے رضامندی منظوری رائے ۔ و اطمینان ظاہر ہوتا ہو ۔ امر متذکرہ صدر کے اثبات کے لئے کافی ثبوت متصور ہوگا ۔

اعلانات پر دستخط بذریعہ مہر کی جا سکتی ہے ۔

دفعہ ۸۷ ۔ باستثنائے طلب نامہ جات حکمنامہ جات گرفتاری ۔ حکمنامہ جات تلاش کے جن پر بروئے احکام قانون ہذا یا بموجب قواعد مرتبہ تحت قانون ہذا کوتوال بلدہ کی دستخط لازمی ہے ۔ ہر لائیسنس یا اجازت تحریری یا اعلان یا دستاویز کو کوتوال بلدہ کی دستخط کی مہر ہو تو سمجھا جائے گا کہ اس پر باضابطہ دستخط ثبت ہوئی ہے ۔

*(Translation)*



**Saving for Magistrate or Police officer for any act done in good faith in discharge of duties.**

88. (1) No Magistrate of Police offiicer shall be liable to any penalty or to payment of any damages on account of any act done or intended to be done in good faith in the discharge of his duties or exercise of powers under the provisions of this Act, or in accordance with any rule or order or direction issued or rules made thereunder.

**دفعہ ۸۸۔**

**ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی نیک نیتی سے فرائض منصبی کی ادائی میں کوئی فعل کرے تو اس کا ذمہ داری سے مستثنیٰ ہونا۔**

(۱) - کوئی ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی کسی ایسے فعل کے سبب سے کسی تاوان یا ہرجہ کی ادائی کا مستوجب نہ ہوگا جس کو اس نے نیک نیتی سے بموجب احکام قانون ہذا یا کسی قاعدہ یا حکم یا ہدایت مجریہ تحت قانون ہذا یا قواعد مجریہ تحت قانون ہذا کے مطابق اپنے فرائض کی انجام دہی یا اختیارات کے نفاذ میں کیا ہو یا اس کی نیت اس طرح عمل کرنے کی ہو۔

(2) No Government servant or person who has been duly appointed or authorized shall be liable to payment of the penalty or damages as aforesaid for giving effect in good faith to any such order or direction purporting to be issued by the Government or by any person authorised in that behalf under this Act or under any rule made under this Act.

(۲) - کوئی سرکاری ملازم یا کوئی شخص جو جائز طور پر مامور یا مقتدر کیا گیا ہو کسی ایسے حکم یا ہدایت کو نیک نیتی سے عمل میں لائے جو سرکار عالی کی جانب سے یا کسی ایسے شخص کی جانب سے جو تحت قانون ہذا یا کسی قاعدہ مرتبہ تحت قانون ہذا کے بموجب اس کا مجاز قرار دیا گیا ہو جاری

*(Translation)*

ہونا ظاہر ہوتا ہو تو وہ حسب مصرحہ بالا مستوجب ادائی تاوان یا ہرجہ کا نہ ہوگا۔

Prosecution or suit to be filed within three months.

(3) If a Magistrate or Police officer or other person is charged with an offence or a wrong in respect of an act done by him under colour of his functions or in excess of his powers or duties as aforesaid, or wherein it shall appear to the Court that the offence or wrong with which any Magistrate or Police officer or othe person has been charged, or which has been committed done by him is of the character aforesaid, any suit or prosecution instituted after three months from the date on which the act is done, shall not be entertained and shall be dismissed.

نالش یا استغاثہ تین ماہ کے اندر ہونا چاہیے۔

(۳) ۔ اگر ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی یا دیگر شخص پر کسی ایسے فعل کی بابت جس کو اس نے اپنے فرائض منصبی کے بہانہ سے یا اپنے اختیارات یا فرائض مصرحہ بالا سے متجاوز ہو کر انجام دیا ہو کسی جرم یا ایذارسانی کا الزام لگایا جائے یا جس سے عدالت پر یہ ظاہر ہوتا ہو کہ جرم یا ایذارسانی جس کا الزام کسی ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی یا دیگر شخص پر ہے یا اس سے سرزد ہوا ہے مصرحہ بالا نوعیت کا ہے تو کوئی نالش یا استغاثہ جو تاریخ وقوع فعل سے تین ماہ کے بعد دائر کیا جائے ناقابل پیشی رفت و قابل اخراج ہوگا۔

Suits in certain cases shall be dismissed.

(4) If the plaint relating to such suit does not expressly allege that the act complained of has been done with malicious intent and without reasonable cause,

بعض صورتوں میں دعاوی خارج ہوں گے۔

(۴) ۔ اگر عرضی دعوی متعلقہ نالش مذکور

*(Translation)*

such suit shall be dismissed; and if in a suit for damages tender of sufficient amends is made by the defendant before the institution of the suit, or a sufficient sum of money is paid into Court, with costs by or on behalf of the defendant, after the institution of the suit, such suit shall be dismissed.



سے یہ صاف طور پر ظاہر نہ ہو کہ وہ فعل جس کی شکایت کی گئی ہے بہ نیت ایذا رسانی بلا وجہ معقول عمل میں لایا گیا ہے تو نالش مذکورہ خارج کی جائے گی اور اگر نالش دلاپانے ہرجہ میں قبل از ارجاع نالش منجانب مدعی علیہ کافی معاوضہ پیش کیا گیا ہو یا بعد ارجاع نالش کافی رقم معہ خرچہ عدالت میں مدعی علیہ خود یا اس کی جانب سے کوئی شخص داخل کرے تو ایسا مقدمہ خارج کیا جائے گا۔ فقط۔

## SCHEDULE.

Form

*Certificate of Service.*

(See section 8 (1) )

..........................................s/o
..........................................has been appointed by the Commissioner of Police to the Police force of the City of Hyderabad and is vested with all powers, functions, and privileges of a Police officer under the Hyderebad City Police Act.

*Commissioner of Police.*



## ضمیمہ

نمونہ

وثیقہ ملازمت

(دیکھو دفعہ ۸ ضمن (۱))

مسمی ولد کو
کوتوال بلدہ حیدرآباد نے جمعیت کوتوالی بلدہ حیدرآباد کے لئے مامور کیا ہے اور اس کو تحت قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد جملہ فرائض و اقتدارات و مراعات عہدہ دار کوتوالی حاصل ہیں فقط

کوتوال بلدہ

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد   نشان ۹ سنہ ۱۳۴۸ف